اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ (مکمل سورۃ) اکیس ۲۱ دانہ بنولہ پر ایک ایک مرتبہ فی دانہ پڑھ کر آگ میں جلا دے، ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں مطلب پورا ہوگا۔ [اسلامی وظائف کا انسائیکلو پیڈیا: ۲۴۱]

جب خاوند نے کسی عورت سے ناجائز تعلق کر رکھا ہو اس کیلئے وظیفہ:

اگر کسی عورت کے خاوند نے کسی عورت سے ناجائز تعلق کر رکھا ہو ایک ہزار ایک دفعہ اس آیت کا گیارہ روز تک پڑھنا پھر ہر روز پانی یا کھانے کی چیز پر دم کر کے خاوند کو کھلانا بہت مفید ہے، انشاء اللہ تعالیٰ اس ناجائز عورت سے فوراً خود بخود نفرت ہو کر جدائی ہو جائے

Marfat.com

گی، آیت یہ ہے:

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿١٠٠﴾ [المائدہ:100۔ ایضا: ۹۴]

ظالم شوہر سے نجات کیلئے وظائف

ظالم شوہر سے نجات کا پہلا وظیفہ:

اگر کوئی عورت اپنے مرد سے جدا ہونا چاہے تو وہ ایک کاغذ پر زعفران سے {يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ؕ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ} کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکائے ان شاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا۔ مگر آیت لکھنے کے بعد اتنا ضرور لکھنا چاہئے کہ الٰہی فلاں مرد کا اختیار فلاں عورت سے اٹھالے اور فلاں کی جگہ عورت، مرد کا نام لکھائے، ان شاء اللہ تعالیٰ نہایت ہی تھوڑی مدت میں مطلب پورا ہو جائے گا۔ [ایضا: ۲۰۳]

ظالم شوہر سے نجات کیلئے دوسرا وظیفہ:

جو عورت اپنے خاوند سے طلاق چاہتی ہو اور خاوند اس کا طلاق نہ دیتا ہوں، وہ عورت سورۃ ''ممتحنہ'' کو گیارہ مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ کوئی صورت ضرور اس کی رہائی کی ہو جائیگی۔ [ایضا: ۱۷۸]

ظالم شوہر سے نجات کیلئے تیسرا وظیفہ:

اگر کسی عورت کا خاوند ظالم ہو یا کوئی شخص کسی جابر حاکم کے بس میں آ گیا ہو پھر وہ اپنی خلاصی چاہتا ہو، ایسا شخص اس مبارک آیت کو تین ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس دن تک پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ قید سے رہائی اور مخلصی ہو جائے گی، مجرب عمل ہے۔ آیت یہ ہے:

اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١١﴾ [التحریم: 11]

Marfat.com

جب بیوی نافرمان ہوتو شوہر کیلئے وظائف

جب بیوی نافرمان ہو یا بدچلن ہوتو شوہر کیلئے وہی وظائف ہیں جو ظالم شوہر کے عنوان کے تحت گذر چکے جب وہ وظائف شوہر کرلے تو بیوی مہربان ہوجائیگی اور محبت کرنے لگی گی، باقی وظائف یہ ہیں:

نافرمان بیوی کیلئے پہلا وظیفہ:

اگر کسی شخص کی عورت بدچلن بدزبان ہو شوہر کی اطاعت سے باہر رہتی ہو وہ شخص اس آیت کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ اطاعت قبول کرے گی، آیت شریفہ یہ ہے:

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى وَأَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَأَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

[الاحزاب:33،34۔طب روحانی:۱۳۴]

نافرمان بیوی کیلئے دوسرا وظیفہ:

اگر کسی شخص کی عورت شوخ یا بدنگاہ ہو گیارہ دن تک ہر روز اس آیت کا پڑھنا پھر پانی یا عرق گلاب وغیرہ دوا یا کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اپنی عورت کو کھلانا غرور اور اس کے اخلاق کو درست کرتا ہے۔آیت یہ ہے:

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ط [النساء:34۔ایضا:۹۲]

نافرمان بیوی اور اولاد کیلئے تیسرا وظیفہ:

جس کی اولاد یا بیوی نافرمان ہو، اور وہ انہیں تابعدار کرنا چاہے وہ اکیس روز تک عشاء

Marfat.com

کی نماز کے بعد ۵۰۵ مرتبہ اس آیت کو پڑھے:

وَالَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا۝ [الفرقان:74۔اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا:۲۷۴]

نافرمان بیوی اور اولاد کیلئے چوتھا وظیفہ:

اگر کسی کا لڑکا (یا بیوی، یا خاوند) یا نوکر ملازم شرارت کرتا ہو بھاگ جاتا ہو والدین یا آقا کی اطاعت نہ کرتا ہو ایسے نافرمان کو مطیع کرنا منظور ہو تو اس آیت کو تین سو تیرہ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلادے یا کسی چیز پر دم کر کے کھلادے یا لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالے مجرب ہے۔آیت یہ ہے:

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰى وَعِیْسَى ابْنِ مَرْیَمَ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا۝ لِّیَسْـَٔلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا۝ [الاحزاب:8،7۔ اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا:۲۷۴]

نافرمان اولاد اور بیوی کیلئے پانچواں وظیفہ:

جس شخص کا فرزند بدراہ یا عورت خاوند سے لڑتی ہو یا خاوند بیوی سے بدمزاجی کرتا ہو تھوڑی سی شیرینی پر ایک ہزار مرتبہ "یَاوَدُوْدُ" پڑھ کر دم کر کے رکھ لیا جائے، پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر کامیابی کی دعا کی جائے پھر موقع سے اس شیرینی کو جسے کھلانا ہو کھلائے، ان شاء اللہ تعالیٰ جلد صلاحیت میسر اور مراد حاصل ہوگی۔[طب روحانی:۴۲]

اَلْوَدُوْدُ کے معنی......نیک بندوں سے بے حد محبت کرنے والا۔اور اس کے خواص چار ہیں: ۱......جو کوئی ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ {یَاوَدُوْدُ} پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائے گا تو ان شاء اللہ میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہوجائے گا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔ ۲......جس کا بیٹا برائیوں میں مبتلا ہو وہ جمعہ کے بعد ایک ہزار ایک

Marfat.com

(۱۰۰۱) بار یہ اسم مبارک معطر ولطیف شیرینی پر پڑھ کر دم کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور وہ شیرینی اس کو کھلائے ان شاء اللہ صالح ہو جائے گا۔ ۳...... اس کا ورد تسخیر کے لئے بھی مفید ہے۔ ۴...... جو شخص کسی پریشانی میں پڑ جائے وہ دو رکعت پڑھ کر یہ دعا کرے ان شاء اللہ پریشانی دور ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے !{اَللّٰھُمَّ یَاوَدُوْدُ (تین بار) یَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْھِكَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ۔ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ:} (آخری جملہ تین بار)۔

بے چین عورت (جس کا بچہ مر گیا ہو) کیلئے وظیفہ:

اگر کسی عورت کا بچہ مر گیا ہو اور ماں بچہ کے فراق میں سخت بے چین ہو تو ایک ہزار مرتبہ "یَاصَبُوْرُ" کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پلانا بے چین عورت کے دل کو صبر دے گا، سات دن متواتر ایسا کرنا ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ کے غم کو جلا دے گا۔ [طب روحانی: ۷۷]

اَلصَّبُوْرُ کے معنی: بہت برداشت کرنے والا، بڑا بردبار۔ اس کے سات خواص ہیں:
(۱)...... جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں، حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ (۲)...... جو کوئی کسی بھی مصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس (۱۰۲۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔ (۳)...... جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے اس کا رنج دور ہو اور سرور حاصل ہو۔ (۴)...... تمام حاجات کیلئے اس کو دوسو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ ہر روز پڑھے (۵)...... جس کو درد، رنج یا مصیبت پیش آئے تینتیس (۳۳) مرتبہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دور ہوگی۔ (۶)...... جو آدھی رات میں یا دوپہر کو اس اسم کو پڑھنے کی مداومت کرے گا اس کو دشمنوں کی زبان بندی، خوشنودی اور بادشاہ کی رضامندی حاصل ہوگی...... یہ اس دلوں کے غضب اور رنج، وغم

Marfat.com

دور کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔(۷)...... یہ اسم مبارک اہل مجاہدہ کا ورد ہے کہ اس کے ذریعے انہیں ثابت قدمی نصیب ہوتی ہے۔[ماخذ بکھرے موتی]

نافرمان اولاد کو مطیع کرنے کیلئے وظائف

نافرمان اولاد کو مطیع کرنے کیلئے پہلا وظیفہ:

جس شخص کی اولاد نافرمان ہو وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے پڑھتے وقت "ذُرِّيَّتِيْ" کے لفظ پر اپنی اولاد کا خیال کرے۔آیت یہ ہے:

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾

[الاحقاف:15۔اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا:۲۴۵]

نافرمان اولاد کیلئے دوسرا وظیفہ:

اگر کسی شخص کی اولاد نافرمان ہو شراب پینے والی اور خلاف شرع کام کرنے والی ہو تو اس کیلئے اس لڑکے یا لڑکی کی والدہ یا اہل خانہ تین سو بار روزانہ باوضو مندرجہ ذیل کلمات پڑھے: "یَارَؤُوْفُ یَاحَکِیْمُ یَامَنَّانُ" اس کے بعد ساٹھ بار یہ اسم پڑھے "یَابَرُّ"[ایضا:۲۴۲]

نافرمان اولاد کیلئے تیسرا وظیفہ:

(۱)...... اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھا کرے اور "ذُرِّيَّتِيْ" کی جگہ اپنے بچے کا نام ذہن میں رکھے آیت یہ ہے:

(۲)...... وَاِنِّيْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾ [آل عمران:36]

نافرمان اولاد کیلئے چوتھا وظیفہ:

(۳)...... اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ فِتْنَةً وَمِنْ وَّلَدٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ وَبَالاً"۔[مجمع الزوائد:۱۰/ ۲۱۴، رقم:۱۷۴۲۹]

Marfat.com

نافرمان اولاد کیلئے پانچواں وظیفہ:

(۴)...... اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ غِنَی الْاَھْلِ وَالْمَوْلٰی، وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ یَّدْعُوَ عَلَیَّ رَحِمٌ قَطَعْتُھَا" [المعجم الکبیر للطبرانی: ۵/ ۱۴۳، رقم: ۴۸۴۹]

نافرمان اولاد کیلئے چھٹا وظیفہ:

(۵)...... وَاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ" [سورۃ ابراھیم: 35]

نافرمان اولاد کیلئے ساتواں وظیفہ:

(۶)...... اگر نافرمان اولاد پر (۱۰۰۰) مرتبہ "اَلشَّھِیْدُ" پڑھا جائے تو وہ فرماں بردار ہو جائیگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ [مستند مجموعہ وظائف]

بانجھ پن ختم کرنے کے وظائف

بانجھ پن ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

(۱)...... جس کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس آیت کو بکثرت پڑھے تو ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ [آل عمران: 38]

بانجھ پن ختم کرنے کا دوسرا وظیفہ:

(۲)...... دوسرا طریقہ یہ ہے کہ شب جمعہ میں نصف رات کے بعد مٹھائی یا حلوے کے ٹکڑے پر کسی ایسی جگہ بیٹھ کر جہاں کوئی نہ دیکھے یہ آیت لکھے اور اسے عورت کو کھلائے اور پھر جماع کرے۔ تین بار شب جمعہ کو یہ عمل کرے ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے ضرور بچہ پیدا ہوگا۔

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ

Marfat.com

تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ① [النساء:1۔ مستند مجموعہ وظائف]

بانجھ پن ختم کرنے کا تیسرا وظیفہ:

(۳)...... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد ہے کہ جس عورت پر بچے کی ولادت مشکل ہوجائے اس کو درج ذیل کلمات اور آیتیں کسی کاغذ پر لکھ کر گھول کر پلائی جائیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ" [بیہقی فی الدعوات]

بانجھ پن ختم کرنے کا چوتھا وظیفہ:

(۴)...... جس کی اولاد نہ ہو یا نرینہ اولاد نہ ہو تو یہ دعا کثرت سے پڑھے:

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ [الانبیاء:89]

بانجھ پن ختم کرنے کا پانچواں وظیفہ:

جس شخص کے اولاد نہ ہوئی ہو، چالیس روز تک دو بیضہ مرغ کے ہر روز پانی میں اُبال کر چھلکا اُتار کر ایک بیضہ پر یہ آیت لکھے، "وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ" یہ بیضہ مرد کو کھلایا جائے اور دوسرے بیضہ پر یہ آیت لکھے: "وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ" یہ بیضہ عورت کو کھلایا جائے، چالیس روز یہ عمل مسلسل کیا جائے۔ [مجربات اکابر:۳۲۲]

بانجھ پن ختم کرنے کا چھٹا وظیفہ:

چالیس لونگیں لے کر ہر ایک پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے اور جس دن عورت پاکی کا غسل کرے اس دن سے ایک لونگ روزمرہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس پر

Marfat.com

پانی نہ پئے اور کبھی کبھی میاں کے پاس بیٹھے اٹھے، آیت یہ ہے:

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۠ [النور:40۔ مجربات اکابر:۲۱۵]

بانجھ پن ختم کرنے کا ساتواں وظیفہ:

مندرجہ ذیل آیت گلاب وزعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر بانجھ مرد یا عورت کے گلے میں ڈالیں اور اکیس دن یہی آیت گلاب وزعفران سے کاغذ یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن دور ہو جائے گا، وہ آیت یہ ہے:

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ [الرعد:31۔ مستند مجموعہ وظائف:۳۱۸]

بانجھ پن ختم کرنے کا آٹھواں وظیفہ:

جس عورت کی اولاد پیدا نہ ہوتی ہو، اسے چاہئے کہ متواتر تین ماہ تک مندرجہ ذیل آیت (کو کاغذ پر لکھے اور اسے) گھول کر پیا کرے ایام حیض میں چھوڑ دے، جب پاک ہو جائے پھر شروع کر دے، وہ آیت یہ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۞ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞ [آل عمران:5،6۔ مستند مجموعہ وظائف:۳۱۸]

بانجھ پن ختم کرنے کا نواں وظیفہ:

کبھی کبھار عورت شوہر کے پاس جاتے وقت یہ آیت پڑھے اکتالیس دانے لونگ لیں، سات بار اس آیت کو پڑھ کر دم کریں، اور جس دن عورت پاکی کا غسل کرے، اسی دن

Marfat.com

ایک لونگ روزانہ سونے کے وقت کھانا شروع کرے اور کچھ وقت کیلئے پانی نہ پیئے۔ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۴۱﴾ [ھود:40۔ تحفہ صندلیہ:۶۱]

بانجھ پن ختم کرنے کا دسواں وظیفہ:

مرد کیلئے اکتالیس عدد کالی مرچ اور ۴۱ عدد لونگ لے کر ان پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت دم کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ○"

نیز اس آیت کے پینے والے اکتالیس تعویذ بھی بنائیں، رات کو سونے سے پہلے وہ بے اولاد مرد ایک دانہ کالی مرچ اور ایک دانہ لونگ اور اس کے بعد ایک تعویذ کو چاٹ لے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے اور عورت کیلئے اکتالیس عدد کالی مرچ اکتالیس عدد لونگ لے کر ان پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت دم کریں: "وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ" نیز اس آیت کے پینے والے اکتالیس تعویذ بھی بنائیں، رات کو سونے سے پہلے وہ بے اولاد عورت ایک دانہ کالی مرچ اور ایک دانہ لونگ کھائے اور اس کے بعد ایک تعویذ چاٹ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کا فضل ہو جائے گا۔

تنبیہ: عورت ماہواری کے ایام میں کالی مرچ، لونگ اور تعویذ استعمال نہ کرے، بلکہ ان ایام میں ناغہ کر کے صرف پاکی کے دنوں میں یہ چیزیں استعمال کرے۔ [ایضا:۳۸]

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے گیارہواں وظیفہ:

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اس کا دل اولاد کو چاہتا ہو یا کوئی دولت مند ہو مگر وارث نہ ہو اس کے لئے اس مبارک آیت کا سات سوسترہ مرتبہ روزانہ عشاء کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے عرصہ ایک سال میں اولاد پیدا ہو جائیگی۔ آیت یہ ہے:

وَهُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَیَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ

Marfat.com

الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۸﴾ [الشوریٰ:28۔طب روحانی:۱۵۴]

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے بارہواں وظیفہ:

اکیس روز تک حیض موقوف ہونے کے بعد اس آیتیں کو سیب یا ابلے ہوئے پوست اترے ہوئے انڈے پر لکھنا اور پھر عورت کو نہار منہ کھلانا اللہ تعالیٰ کے فضل سے بانجھ عورت کو اولاد بخشتا ہے، آیات یہ ہیں:

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ [الشوریٰ: 49،50۔ ایضا: ۱۵۴]

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے تیرہواں وظیفہ:

جو کوئی ایک ہزار مرتبہ "اَلْخَالِقُ" پڑھا کرے اسے اولاد نرینہ عطا ہوگی۔ [تحفہ سعادت: ۳۴]

اَلْخَالِقُ کے معنی...... پیدا کرنے والا۔

اور اس کے خواص چھ ہیں: ۱...... جو شخص آدھی رات کے بعد ایک گھنٹہ یا اس سے زیادہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل اور چہرے کو منور فرمائے گا۔ ۲...... جس کا مال یا بیٹا گم ہو گیا ہو اگر وہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار اس کا ورد کرے تو گم شدہ واپس آجائے گا۔ ۳...... جو سات (۷) روز تک متواتر اس کو سو (۱۰۰) بار پڑھے تمام آفات سے سالم رہے گا۔ ۴...... جو اسے ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھا کرے اسے نرینہ اولاد نصیب ہوگی۔ ۵...... اگر کوئی ہمیشہ {اَلْخَالِقُ} پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کر دیتے ہیں جو اس کی طرف سے عبادت کرتا ہے اور اس کا چہرہ منور رہتا ہے۔ ۶...... جو کوئی لڑائی میں تین سو (۳۰۰) بار اس کو پڑھے اس کا دشمن مغلوب ہوگا۔

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے چودھواں وظیفہ:

جو شخص سات دن تک روزے رکھے اور افطار سے پہلے اور غروب سے پہلے اکیس

Marfat.com

مرتبہ "اَلْبَارِءُ الْمُصَوِّرُ" پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی بانجھ عورت کو پلائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا۔ اور جو شخص اپنے بستر پر آ کر سات بار یہ اسم پڑھ کر ہمبستری کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطا فرمائے گا۔ [تحفہ سعادت:۳۶]

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے پندرہواں وظیفہ:

جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ "اَلْوَاحِدُ" کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی، "اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ" اولاد نرینہ کیلئے بھی یہ عمل مفید ہے۔ [ایضا:۱۰۱]

اَلْوَاحِدُ کے معنی: اپنی ذات وصفات میں یکتا، لاثانی۔

اس کے تین خواص ہیں: (۱)...... جو کوئی روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ {اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ} پڑھا کرے اس کے دل سے ان شاء اللہ تعالیٰ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔ (۲)...... جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ {اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ} کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔ (۳)...... جو کوئی تنہائی سے ہراساں ہو وہ باوضو ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا اور اس کیلئے عجائبات ظاہر ہوں گے۔

اَلْاَحَدُ کے معنی: ایک اکیلا اپنی ذات وصفات میں یکتا۔

اس کے سات خواص ہیں: (۱)...... جو کوئی روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ {اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ} پڑھا کرے اس کے دل سے ان شاء اللہ تعالیٰ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔ (۲)...... جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ {اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ} کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔ (۳)...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا: اَللّٰهُمَّ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس کے اس اسم اعظم کے ذریعہ

Marfat.com

دعا کی ہے جس کے ذریعے جب مانگا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔[ابوداؤد، ترمذی]
(۴)......جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔
(۵)......جو کوئی اس اسم کو نو (۹) مرتبہ پڑھ کر حاکم کے آگے جائے گا۔ان شاء اللہ تعالیٰ عزت وسرفرازی پائے گا۔(۶)...... جو کوئی سانپ کے کاٹے پر ایک سو ایک (۱۰۱) بار {اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ} پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہوجائے گا۔(۷)...... جو تنہائی میں اسے ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ فرشتہ خصلت ہوجائے گا۔

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے سولہواں وظیفہ:

جس شخص کے لڑکا نہ ہو وہ چالیس مرتبہ "اَلْاَوَّلُ" پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔[ایضا:۱۰۹]

اَلْاَوَّلُ کے معنی: سب سے پہلا۔

اس کے پانچ خواص ہیں: (۱)...... جو مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد بخیریت وطن واپس پہنچے گا۔(۲)......جس شخص کے لڑکا نہ ہو وہ چالیس (۴۰) مرتبہ روزانہ {اَلْاَوَّلُ} پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری ہوگی اور سب مشکلیں آسان ہوں گی۔(۳) جو چالیس (۴۰) شب جمعہ ہر شب کو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے اس کی ان شاء اللہ تعالیٰ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔(۴)...... جو ہر روز گیارہ (۱۱) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا تمام خلقت ان شاء اللہ تعالیٰ اس پر مہربانی کرے گی۔(۵)......جو سو (۱۰۰) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی بیوی اس سے محبت کرے گی۔

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے ستارہواں وظیفہ:

جو شخص بیوی سے جماع کرنے کے وقت سے کچھ پہلے "اَلنَّافِعُ" پڑھ لیا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد صالح نصیب ہوگی۔[ایضا:۱۳۱]

Marfat.com

النَّافِعُ کے معنی: نفع پہنچانے والا۔

اس کے سات خواص ہیں: (۱)...... جو کوئی کشتی وغیرہ میں سوار ہونے کے بعد {یَانَافِعُ} کثرت سے پڑھتا رہے ان شاء اللہ تعالیٰ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔ (۲)...... جو شخص کسی کام کو شروع کرتے وقت اکتالیس (۴۱) مرتبہ {یَانَافِعُ} پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ کام حسب منشاء ہوگا۔ (۳)...... جو شخص بیوی سے جماع کرتے وقت یہ اسم پڑھ لیا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد صالح نصیب ہوگی۔ (۴)...... جو کوئی اس اسم کو پڑھ کر مریض پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ شفا پائے گا۔ (۵)...... جو ماہ رجب میں اس کا ورد کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اسرار الٰہی سے آگاہ ہوگا۔ (۶)...... جو چار دن جہاں تک ہو سکے پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی غم میں نہ پھنسے گا۔ (۷)...... جو سفر حج میں اسے پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بخیر گھر واپس آئے گا۔

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے آٹھارہواں وظیفہ:

جو مباشرت سے پہلے "الرَّشِیْدُ" پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد صالح و پرہیز گار پیدا ہوگی۔ [ایضا:۱۳۸]

اَلرَّشِیْدُ کے معنی: سب کا راہ نما، سب کو راہ راست دکھانے والا۔

اس کے پانچ خواص ہیں: (۱)...... جس کو اپنے کسی کام یا مقصد کی تدبیر سمجھ میں نہ آئے وہ مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ {یَارَشِیْدُ} پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں تدبیر نظر آئے گی، یا دل میں اس کا القاء ہوجائے گا۔ (۲)...... اگر روزانہ اس اسم کا ورد رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ تمام مشکلات دور ہوجائیں گی اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔ (۳)...... جو اس اسم مبارک کو مباشرت سے پہلے پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ فرزند صالح و پرہیز گار پیدا ہوگا۔ (۴)...... درست فیصلے کی طرف رہنمائی کیلئے اس اسم کو عشاء کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔ (۵)...... جو عشاء کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا عمل قبول ہوگا۔

Marfat.com

بانجھ پن ختم کرنے کیلئے انیسواں وظیفہ:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ۱۹ حرفوں کو علیحدہ علیحدہ (یعنی اس طرح ب، س، ل،......) ایک سو دس مرتبہ لکھ کر حیض (ماہواری) سے پاک ہونے غسل کرنے کے بعد عورت کے گلے میں لٹکایا جائے، اس طرح کہ پیٹ میں پڑا رہے، اور اسی روز سورج ڈوبنے سے پہلے چینی کی طشتری پر سورہ ''الحمد'' پوری سورۃ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ لکھیں، اور سورج طلوع ہونے سے پہلے پانی سے دھو کر عورت کو پلایا جائے، اور چالیس روز تک پابندی سے اسی طرح پلاتے رہیں، حمل ٹھہرنے تک پاکی کے شروع میں دو تین مرتبہ مسلسل ہمبستری ہونی چاہئے، اور تعویذ اس وقت کھولا جائے جبکہ حمل دو مہینہ کا ہو جائے۔

[مجربات اکابر: ۲۰۰، بحوالہ بیاض اشرفی]

نس بندی کیلئے وظائف

نس بندی ختم کرنے کا پہلا وظیفہ:

اگر کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ سے نس بندی کر دی ہو، جس کی وجہ سے جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار سے سیاہ مرغی کا ایک انڈہ (ابال کر) ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصے کر لے، ایک حصہ عورت کھائے اور دوسرا حصہ مرد کھالے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اس کی نس بندی کھل جائے گی، بقول حضرت انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کہ یہ مجرب ہے۔ ''بکص ء لا لا رم لا لا لا ہ ہ ہ۔'' [مستند مجموعہ وظائف: ۲۵۲]

نس بندی ختم کے کا دوسرا وظیفہ:

اگر کسی شخص کی جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی گئی ہو تو کسی پاک برتن پر سورۃ ''لَمۡ یَکُنِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا'' (البینۃ) مکمل اس طرح سے لکھ کر کہ کوئی لفظ مٹا ہوا نہ ہو، دھو کر اسے پلایا جائے، یہ عمل تین دن تک کیا جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ وہ جماع پر قادر ہو گا۔ نیز آخری

Marfat.com

چاروں قل یعنی ''سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس'' اور سورۃ الفاتحہ صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اپنے کھانے کی چیزوں پر اور اپنے گھر کے چاروں طرف اور بستری پر پھونک مار دیا کریں سحر وغیرہ کے توڑنے کیلئے یہ مجرب عمل ہے۔[ایضا]

حفاظت حمل کیلئے وظائف

حفاظت حمل کیلئے پہلا وظیفہ:

یہ آیت لکھ تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دیں بفضل رب تعالیٰ اسقاط حمل نہ ہوگا، آیت یہ ہے:

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿٢٥﴾[الکھف:25]

حفاظت حمل کیلئے دوسرا وظیفہ:

(۲)...... یہ آیتیں لکھ کر حمل کے ابتدائی دنوں سے چالیس روز تک حاملہ عورت کے باندھ دیں۔ پھر بچہ ہونے کے فوراً بعد وہ عورت سے کھول کر بچہ کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچہ صحیح وسالم رہے گا، آیت یہ ہے:

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾[الانبیاء:91، 92، 93۔ مستند مجموعہ وظائف]

حفاظت حمل کیلئے تیسرا وظیفہ:

حمل کی حفاظت کیلئے ''والشمس وضحٰھا'' (پوری سورت) اجوائن اور کالی مرچ پر اکتالیس بار پڑھے اور ہر بار ''والشمس'' کے ساتھ درود شریف اور بسم اللہ پڑھے، اور دودھ چھوٹنے تک تھوڑی تھوڑی روزانہ حاملہ کو کھلائے۔[مجربات اکابر:۱۹۱، بحوالہ حسن العزیز]

Marfat.com

حفاظت حمل کیلئے چوتھا وظیفہ:

ڈیڑھ گز لمبے گیارہ سوت نیلے رنگ کے دھاگے لیں اور گیارہ مرتبہ اول وآخر درود شریف پڑھ کر سورہ یٰسٓ پوری پڑھیں، سورہ یٰسٓ میں جہاں بھی "مُبِیْنٌ" آئے وہاں پہنچ کر ایک گرہ لگا کر اس گرہ پر دم دیں، پھر یہ دھاگہ (اس حمل یعنی بچہ کی) ماں کے پیٹ پر باندھ دیں ان شاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا، اور نو ماہ پورے ہونے پر ضرور اتار لیں۔ [علاج قرآنی:۴۶]

حفاظت حمل کیلئے پانچواں وظیفہ:

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو، تو درج ذیل دونوں آیتوں کو لکھ کر عورت کے رحم پر باندھ دیں ان شاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا۔ اور اگر نہ ٹھہرتا ہو تو قرار پائے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝۸ [الرعد:8]

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝۱

[الحج:1۔اعمال قرآنی:27]

حفاظت حمل کیلئے چھٹا وظیفہ:

یہ آیات حفاظت حمل کیلئے اور بچوں کو آفات اور عیوب اور بدنظری سے محفوظ رکھنے کے لئے مجرب ہیں، ان آیتوں کو گلاب اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر حاملہ عورت کی داہنی کوکھ میں باندھ دیں وضع حمل تک بندھا رہے، ان شاء اللہ تعالیٰ تمام آفات سے مامون رہے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۳۵ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ

Marfat.com

وَضَعَتۡهَاۤ اُنۡثٰىؕ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا وَضَعَتۡؕ وَلَيۡسَ الذَّكَرُ كَالۡاُنۡثٰىۚ وَاِنِّىۡ
سَمَّيۡتُهَا مَرۡيَمَ وَاِنِّىۡۤ اُعِيۡذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ ﴿۳۶﴾
فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوۡلٍ حَسَنٍ وَّاَنۡۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ؕ كُلَّمَا
دَخَلَ عَلَيۡهَا زَكَرِيَّا الۡمِحۡرَابَ ۙ وَجَدَ عِنۡدَهَا رِزۡقًا ۚ قَالَ يٰمَرۡيَمُ اَنّٰى لَكِ
هٰذَا ؕ قَالَتۡ هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ [آل
عمران:35،36،37۔ ایضا:۴۲]

حفاظت حمل کیلئے ساتواں وظیفہ:

سورۃ الحجرات کولکھ کرعورت کو پلانے سے حمل ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔[ایضا:۱۳۶]

سورۃ الحاقہ کولکھ کر حاملہ عورت کو باندھنے سے حمل ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔[ایضا:۱۴۲]

استقرار حمل کیلئے وظائف

استقرار حمل کیلئے پہلا وظیفہ:

جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو، میاں بیوی جمعہ کے روز روزہ رکھیں شکر، بادام اور روٹی سے روزہ افطار کریں، پانی بالکل نہ پیویں، اور درج ذیل آیات شیشہ کے جام پر اس شہد سے جس کو آگ نہ پہنچی ہو، لکھ کر آب شیریں پاک سے دھو کر سفید نخود دوسو چوبیس دانے لے کر اور ہر دانہ پر یہ آیات پڑھ کر اس پانی کو ہنڈیا میں ڈال کر وہ نخود اس میں ڈال دیں اور خوب تیز آنچ کردیں، پھر عشاء کی نماز پڑھ کر سورۂ مریم پڑھیں، جب نخود خوب پک جائیں، پانی سے نکال لیں، اور اس میں تھوڑا آب انگور اضافہ کر کے آدھا آدھا دونوں میاں بیوی پئیں، اور تھوڑی دیر سو جائیں، پھر اٹھ کر مباشرت کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ اسی روز حمل قرار پائے گا، اور اگر تین شب تک اسی طرح غذا کھانے سے پہلے ایسا کریں تو اولاد بہت اچھی ہو وہ آیات یہ ہیں:

Marfat.com

یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ۝٦ یٰزَكَرِیَّاۤ اِنَّا
نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨ اسْمُهٗ یَحْیٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ۝٧ قَالَ رَبِّ اَنّٰى
یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِیًّا ۝٨ قَالَ
كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَیْـًٔا ۝٩
قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْۤ اٰیَةً ؕ قَالَ اٰیَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَیَالٍ سَوِیًّا ۝١٠
فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰۤى اِلَیْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِیًّا ۝١١
یٰیَحْیٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَیْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِیًّا ۝١٢ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا
وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِیًّا ۝١٣ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَیْهِ وَلَمْ یَكُنْ جَبَّارًا عَصِیًّا ۝١٤ وَسَلٰمٌ
عَلَیْهِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا ۝١٥ [مریم:6 تا 15۔اعمال
قرآنی:۱۱۷]

استقرار حمل کیلئے دوسرا وظیفہ:

جس روز عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے، (اس روز) ایک بکری کا بچہ فربہ ذبح کر کے ایک دیگچہ میں تھوڑا پانی یخنی کے طور پر پکایا جائے، اور وہ پانی عورت کو پلایا جائے، اور برتن میں سورۃ الفاتحہ اور درود شریف اور حرف ابجد سے صفغ تک اور برتن میں درج ذیل آیت لکھ کر پانی میں حل کر کے وقت قربت شوہر پی لیوے، ان شاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائیگا، وہ آیتیں یہ ہیں:

قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِیًّا ۝١٩ قَالَتْ اَنّٰى یَكُوْنُ
لِیْ غُلٰمٌ وَّلَمْ یَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِیًّا ۝٢٠ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ
هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗۤ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِیًّا ۝٢١
فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِیًّا ۝٢٢ [مریم:19، 20، 21]

"بِعَوْنِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ بِلُطْفِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ"

Marfat.com

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ [یس:82۔ ایضا:۱۶۲]

استقرار حمل کیلئے تیسرا وظیفہ:

عورت کے حاملہ ہونے کے واسطے یہ آیتیں ریحان اترجی کے سات پتوں پر لکھیں، اور عورت ان کو ایک ایک پتہ کر کے نگل جائے اور ہر پتہ پر زرد رنگ کی گائے کا دودھ ایک ایک گھونٹ پی جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو حمل قرار پائے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ [المومنون:12،13،14۔ ایضا:۱۲۳]

استقرار حمل کیلئے چوتھا وظیفہ:

جس شخص کی عورت بانجھ ہو، حمل قرار نہ پاتا ہو وہ ایک سیب کو چھیل کر سات مرتبہ "یَامُبْدِئُ" لکھ کر تین روز تک نہار منہ بیوی کو کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ اول ہی مہینہ میں حمل رہے گا اگر اول ماہ میں حمل نہ ہوا تو پھر دوسرے مہینہ میں ایسا ہی کرے اور پھر تیسرے مہینہ ایسا ہی کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ تین ماہ میں ضرور حمل رہے گا، اگر سیب نہ ملے تو انڈہ مرغ کا پانی میں جوش دے کر پوست اتار کر سفیدی پر لکھا جائے۔ [طب روحانی:۵۰]

اَلْمُبْدِئُ کے معنی: پہلی بار پیدا کرنے والا۔

اس کے خواص پانچ ہیں: (۱)...... اگر کوئی اس اسم ایک ورد رکھے تو اس کی زبان سے صحیح اور درست بات جاری ہوگی۔ (۲)...... جس کی بیوی کو حمل ہو اور اسقاط حمل سے ڈرتا ہو وہ سحر کے وقت نوے (۹۰) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر شہادت کی انگلی بیوی کے پیٹ کے گرد یا شکم پر پھیر دے حمل ان شاء اللہ تعالیٰ ساقط نہ ہوگا۔ (۳)...... جو کوئی اس اسم مبارک کو بہت پڑھے افعال نیک اس سے سرزد ہوں گے گناہوں سے بچا رہے گا۔ (۴)...... جس شخص

Marfat.com

کا مال چوری ہو گیا ہو وہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ مال مل جائے گا۔ (۵)...... جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ حق تعالیٰ شانہ اسے تمام بلیات سے نجات دے گا۔

استقرار حمل کیلئے پانچواں وظیفہ:

جس عورت کے حمل نہ رہتا ہو، تو سات دن تک نہار منہ روٹی کے ٹکڑے پر یہ آیت لکھ کر کھائے ان شاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائے گا۔ آیت یہ ہے:

هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ [آل عمران:6]

اگر کسی کا اکلوتا بیٹا مر گیا ہو تو وہ شخص اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ روز پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ دل کو صبر بھی آئے گا اور اس فرزندہ کا بدل دوسرا فرزند جلد ملے گا۔ آیت یہ ہے:

هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ [آل عمران:6۔ ایضا:90]

استقرار حمل کیلئے چھٹا وظیفہ:

جس عورت کے حمل قرار نہ پاتا ہو اسے اکتالیس روز تک مشک و زعفران سے چینی کی طشتریوں پر لکھ کر ایک طشتری صبح ایک شام پلانا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں:

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ [السجدة:6 تا 9۔ ایضا: ۱۳۴]

استقرار حمل کیلئے ساتواں وظیفہ:

حمل قرار پانے کیلئے درج ذیل آیتیں تین کھجوروں پر پڑھ کر کھجوریں عورت کو کھلانا

Marfat.com

نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں:

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿١﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿٢﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿٣﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿٤﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿٥﴾ وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ﴿٦﴾ [الذریات: 1 تا 6۔ ایضا: ۱۶۷]

استقرار حمل کیلئے آٹھواں وظیفہ:

حمل قرار پانے کیلئے یا پورا حمل ہو کر بچہ پیدا ہونے کیلئے ان مبارک آیتوں کو تین مرتبہ پڑھنا اور پانی پر دم کر کے پلانا ایک چلہ اس عمل کو کرنا نہایت مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں:

اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿٣٧﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٣٨﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٣٩﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿٤٠﴾

[القیامۃ: 37 تا 40۔ ایضا: ۱۹۳]

استقرار حمل کیلئے تعویذات

استقرار حمل کیلئے پہلا تعویذ:

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یا کچا حمل گر جاتا ہو اس عورت کیلئے ان آیات کو مشک وزعفران سے لکھ کر عورت کے گلے میں تعویذ ڈالا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے عرصے میں حمل قرار پائے گا، اور اگر حمل ٹھہرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ پورا بچہ ہوگا، کچا حمل ساقط نہ ہوگا، لیکن اس آیات کی زکوٰۃ دینا لازم ہے، سات روز برابر سات ہزار مرتبہ اس آیت کو ننگے سر روبقبلہ بیٹھ کر باوضو ہو کر پڑھے، پھر ساتویں دن ختم کے بعد اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے آیا شریف یہ ہیں:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿١٢﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿١٣﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا

Marfat.com

الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ [المومنون:12 تا 14۔طب روحانی:۱۱۸]

استقرار حمل کیلئے دوسرا تعویذ:

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت چالیس دن تک چینی کے پیالے میں لکھ کر پلائیں، اور کاغذ پر لکھ کر کمر میں باندھیں، ان شاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائے گا۔ آیت یہ ہے:

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ [الشوریٰ:49،50۔وظائف الصالحین:۱۲۱]

استقرار حمل کیلئے تیسرا تعویذ:

جب عورت حیض سے پاک ہوجائے تو مندرجہ ذیل تین تعویذات لکھ کر اس عورت کو کھلائیں، امید کامل تو یہ ہے کہ پہلا تعویذ کھانے سے ہی حمل ٹھہر جائے گا ورنہ دوسرا تعویذ کھلائیں، ان شاء اللہ تعالیٰ تیسری بار مرد کے قریب جاتے ہی عورت حاملہ ہوجائے گی، اور فرزند پیدا ہوگا، ان تینوں تعویذات کو مشک، زعفران اور گلاب سے لکھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۬ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ [الانعام:1،2]

استقرار حمل کیلئے چوتھا تعویذ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۬ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ [الانعام:1،2۔ یاآھیا اِسْترَاھیا]

Marfat.com

استقرار حمل کیلئے پانچواں تعویذ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۬ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ① هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ② [الانعام:1،2]

اهیا ازونی اصبا وتوف اَللّٰهُمَّ بحق یَامَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا وَّكَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا وَّذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ" [مستند مجموعہ وظائف:۳۱۹]

حمل ضائع ہونے سے بچنے کے وظائف

حمل ضائع ہونے سے بچنے کا پہلا وظیفہ:

جس عورت کے کچا حمل ساقط ہو جاتا ہو اس کیلئے نو ماہ تک متواتر ان مبارک آیتوں کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر نہار منہ کھلانا نہایت مجرب اور مفید عمل ہے۔ آیتیں یہ ہیں:

لَاۤ اُقْسِمُ بِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ ① وَلَاۤ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ② اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ③ بَلٰی قٰدِرِیْنَ عَلٰۤی اَنْ نُّسَوِّیَ بَنَانَهٗ ④ بَلْ یُرِیْدُ الْاِنْسَانُ لِیَفْجُرَ اَمَامَهٗ ⑤ [القیامۃ:1 تا 5۔ طب روحانی:۱۹۲]

حمل ضائع ہونے سے بچنے کا دوسرا وظیفہ:

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو جس وقت سے حمل کی امید معلوم ہو بچہ ہونے تک روز روٹی کے ٹکڑے سے یا طشتری پر یہ آیت مع بسم اللہ کے لکھ کر پلانا اسقاط سے محفوظ رکھے گا۔ آیت یہ ہے:

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَاۤ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ [آل عمران:195۔ ایضا:۹۱]

Marfat.com

حمل ضائع ہونے سے بچنے کیلئے تیسرا وظیفہ:

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو، تو ایک تاگا قسم رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر لیکر اس میں نو گرہ لگادے اور ہر گرہ پر یہ آیت پڑھ کر پھونکے ان شاء اللہ تعالیٰ حمل نہ گرے گا، اور اگر کسی وقت دھاگہ نہ ملے تو کسی پرچہ پر لکھ کر پیٹ پر باندھیں آیت یہ ہے:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾

[النحل: 127، 128۔ مجربات اکابر: ۲۱۵]

حمل ضائع ہونے سے بچنے کیلئے چوتھا وظیفہ:

وضو کر کے ایک گوشے میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھیں اور عورت کے پیٹ پر باندھ دیں، بے ادبی سے بچائیں، ان شاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَاللّٰهُ خَيْرًا حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمْلَ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ۔ [آئینہ عملیات: ۷۹]

حمل ضائع ہونے سے بچنے کا پانچواں وظیفہ:

مندرجہ ذیل آیات کے ۴۱ پینے والے تعویذ بنائیں، پھر روزانہ اس میں سے ایک تعویذ حاملہ عورت چاٹ لے اور حفاظت حمل کا تصور کرے۔ آیت یہ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ [فاطر: 41۔ اعمال قرآنی: ۱۶۲]

حمل ضائع ہونے سے بچنے کا چھٹا وظیفہ:

ایک کاغذ پر نو مرتبہ درج ذیل آیات لکھیں، ابتداء میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

Marfat.com

الرَّحِيْمِ اول آخر درود شریف، پھر اس کا تعویذ بنا کر عورت کے پیٹ پر باندھیں، تعویذ کو بے ادبی سے بچائیں۔ آیات یہ ہیں:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ إِنَّ اللهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾

[النحل: 128،127]

زکوٰۃ: جمعۃ المبارک کی رات ایک ہزار بار پڑھیں۔ [اعمال قرآنی: ۲۰۲]

صالح اولاد کیلئے وظائف

نیک اولاد کیلئے پہلا وظیفہ:

اولادِ صالح کی طلب کیلئے یہ دعا بھی مجرب ہے، جو نیک اولاد چاہتا ہو تو نماز عشاء کے بعد روزانہ ۳۱۳ مرتبہ یہ آیت پڑھے:

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ [الصّٰفّٰت: 100]

نیک اولاد کیلئے دوسرا وظیفہ:

سورت یوسف باوضو لکھ کر حاملہ عورت کو باندھ دیں، اور بے ادبی سے بچائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نیک وصالح فرزند جنے گی۔ [تحفہ صندلیہ: ۵۲]

نیک اولاد کیلئے تیسرا وظیفہ:

جس شخص کی بیوی کو حمل قرار پائے جس دن سے معلوم ہو بچہ کے پیدا ہونے تک ہر روز اکتالیس مرتبہ "یَاقُدُّوْسُ" پانی پر یا دوا پر پڑھ کر دم کر کے پلائے بچہ نہایت بااخلاق و پاک باطن اور نیک ہوگا، ماں باپ کا تابعدار ہوگا ساری عمر کبھی والدین کی نافرمانی یا دھوکہ کو پسند نہ کرے گا۔ [علاج قرآنی: ۳۳]

اَلْقُدُّوْسُ کے معنی ...... نہایت پاک

Marfat.com

اور اس کے خواص نو ہیں:۱...... جو کوئی ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے گا سب سے بے پرواہ ہوگا (یہاں تک کہ ناجائز شہوات سے بھی)۔ ۲...... جو شخص دشمن سے بچنے کے لئے بھاگتے وقت اس کو کثرت سے پڑھے گا وہ محفوظ رہے گا۔ ۳...... جو سفر میں اس کی مداومت کرے گا کبھی نہیں تھکے گا۔ ۴...... جو اس کو تین سو انیس (۳۱۹) بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائے وہ دشمن مہربان ہوجائے۔ ۵...... جو زوال کے بعد ایک سو ستر (۱۷۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کا دل منور ہوگا اور روحانی امراض سے پاک ہوجائے گا۔ ۶...... جو کوئی چالیس (۴۰) دن تک خلوت میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کا مقصد حاصل ہوگا، اور دنیا میں اس کی قوتِ تاثیر ظاہر ہوجائے گی۔ ۷...... اگر کوئی اس کو رات کے آخری حصہ تک ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے تو بیماری اور بلا اس کے جسم سے دور ہوجاتی ہے۔ ۸...... نماز جمعہ کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) بار {سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ} کہہ کر پھر اس کو ایک روٹی پر لکھ کر جو شخص کھائے وہ تمام آفات سے محفوظ رہے اور اسے عبادت کی توفیق حاصل ہو۔ ۹...... جو جمعہ کی نماز کے بعد {سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ} روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاتا رہے فرشتہ صفت ہوجائے۔

نیک اولاد کیلئے تیسرا وظیفہ:

جو شخص اپنی بیوی سے ہم بستر ہونا چاہے اور خاص فعل کے شروع سے پہلے دس دفعہ "یَا مُتَکَبِّرُ" پڑھے اللہ تعالیٰ اسے فرزند پرہیزگار سعادت مند عطا فرمائے گا۔ [طب روحانی:۱۵]

اَلْمُتَکَبِّرُ کے معنی...... بڑی عظمت والا۔

اور اس کے خواص سات ہیں:۱...... جو بغیر تھکے اسے پڑھتا رہے اسے بلند قدر و منزلت نصیب ہوتی ہے اور کوئی اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ ۲...... کسی کو بے حیائی سے روکنے کیلئے اس کا دس (۱۰) بار اس پر پڑھنا بہت مفید ہے۔ ۳...... جو کوئی ہم بستری سے پہلے دس (۱۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اللہ جل شانہ اسے پرہیزگار اور نیک فرزند عطا فرمائیگا۔ ۴...... جو اسے کام کے آغاز میں کثرت سے پڑھے گا اس کے کام میں کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئے گی۔

Marfat.com

۵......جو اس کو اکیس (۲۱) بار پڑھے گا ان شاء اللہ خواب میں نہیں ڈرے گا۔ ۶......جو اس کو چھ سو باسٹھ (۶۶۲) مرتبہ روزانہ پڑھے گا، صاحب صولت و سیاست ہوگا۔ ۷......جو دشمن سے ڈرتا ہو اس اسم کی مداومت کرے، دشمن بدگوئی سے باز آجائے گا۔

نیک اولاد کیلئے چوتھا وظیفہ:

مندرجہ ذیل آیت ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے اولاد کو کھلائیں، یا روزانہ ۴۱ مرتبہ ورد میں رکھیں موجودہ اولاد نیک بن جائے گی اور آنے والی فطرتاً نیک ہوگی۔ آیت یہ ہے:

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾ [آل عمران:38۔ اعمال قرآنی:۲۰]

نرینہ اولاد کیلئے وظائف

نرینہ اولاد کیلئے پہلا وظیفہ:

جس عورت کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں، لڑکا نہ ہو، جب حمل تین مہینہ کا ہو جائے تو اس وقت یہ آیت کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ کی بائیں جانب باندھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اولادِ نرینہ ہوگی، آیت یہ ہے:

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ [الدھر:13۔ مجربات اکابر:۳۲۴]

نرینہ اولاد کیلئے دوسرا وظیفہ:

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے کنڈل یعنی دائرہ ستر بار بنا دے اور ہر بار "یَا مَتِیْنُ" کہے ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ [مجربات اکابر:۲۱۶]

اَلْمَتِیْنُ کے معنی: قوت و اقتدار والا۔

اس کے خواص پانچ ہیں: (۲)......جس عورت کا دودھ کم ہو یا نہ ہو اس کو {اَلْمَتِیْنُ}

Marfat.com

کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ خوب دودھ ہوگا۔(۲)......جس بچے کا دودھ چھڑایا گیا ہو اور وہ صبر نہ کرتا ہو اسے بھی یہ اسم مبارک دس (۱۰) بار لکھ کر پلایا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ صبر کرے گا۔(۳)...... جو کوئی ملکی منصب چاہتا ہو وہ اتوار کے دن اول ساعت میں اسی نیت سے تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ منصب پالے گا۔(۴)......جو اس کا بکثرت ورد کرے گا اسکی مشکل آسان ہوجائے گی اور ان شاء اللہ تعالیٰ حاجات پوری ہوں گی۔(۵)......جو کوئی فاسق و فاجر لڑکے یا لڑکی پر دس (۱۰) بار ﴿اَلْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ﴾ پڑھے گا تو اس کی اصلاح ہوجائے گی اور ان شاء اللہ تعالیٰ وہ غلطی سے باز رہے گا۔

نرینہ اولاد کیلئے تیسرا وظیفہ:

جس شخص کے صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو یا ہو کر مرجاتا ہو وہ شخص پورے نو مہینے تک ایام حمل میں روٹی کے ٹکڑے پر اس آیت کو لکھ کر نہار منہ اپنی اہلیہ کو کھلائے ،ان شاء اللہ تعالیٰ اس دفعہ لڑکا صاحب عمر پیدا ہوگا۔آیات یہ ہیں:

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِی الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِیَعًا یَّسْتَضْعِفُ طَآىِٕفَةً مِّنْهُمْ یُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَیَسْتَحْیٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ④ وَنُرِیْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِی الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِیْنَ ⑤ [القصص:5،4۔طب روحانی:۱۲۹]

نرینہ اولاد کیلئے چوتھا وظیفہ:

جب حمل پر تین ماہ گزر جائیں تو ہرن کی جھلی پر مشک وزعفران وگلاب سے یہ آیتیں لکھیں اور اس کو عورت کے گلے یا بازو وغیرہ پر باندھیں۔آیتیں یہ ہیں:

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ⑧ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ⑨ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨاسْمُهٗ یَحْیٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ○ بحق یحیی

Marfat.com

ومریم وعیسیٰ اعطنا ابنًا صالحاً طویل العمر بحق سیدنا محمد ﷺ

[مجربات اکابر:۲۳۶]

نرینہ اولاد کیلئے پانچواں وظیفہ:

اوائل حمل یعنی تیسرا مہینہ شروع ہونے سے پہلے پہلے عورت کی ناف پر ہاتھ رکھے اور عورت چت لیٹی ہوتو ناف پر ہاتھ پھیرتا ہوا مندرجہ ذیل دعا تین مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ فَکَوِّنْهُ ذَکَرًا وَاُسَمِّيْهِ اَحْمَدَ وَمُحَمَّدًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ ﷺ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ" [فلاح دارین:۱۱۴]

نرینہ اولاد کیلئے چھٹا وظیفہ:

جب حمل اڑھائی ماہ کے قریب ہو اور تین ماہ کامل نہ گزرے ہوں تو صبح کی نماز کے بعد باوضو حالت میں پہلے درود شریف پڑھیں اور پھر سورۂ فاتحہ اور پھر سورۃ بقرۃ "ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ" تک پڑھیں اور نئے مٹی کے آبخورہ میں پانی لے کر اس پر دم کر کے حاملہ عورت کو پلادیں، سات دن تک یہ عمل کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ مجرب ہے۔ [ایضا:۱۱۲]

نرینہ اولاد کیلئے ساتواں وظیفہ:

سورۃ یوسف اس طرح لکھیں کہ کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ [گنجینہ اسرار:۸۴]

نرینہ اولاد کیلئے آٹھواں وظیفہ:

حمل کے پہلے مہینے میں اگر عورت کی داہنی پسلی پر سورۂ اعلیٰ لکھ دیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ پیدا ہوگا۔ [اعمال قرآنی:۱۴۴]

Marfat.com

نرینہ اولاد کیلئے نواں وظیفہ:

اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے وقت "یَامُصَوِّرُ" اکیس دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر لے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے تو حق تعالیٰ اسے فرزند صالح عطا فرمائیگا۔ [طب روحانی:۱۸]

اَلْمُصَوِّرُ کے معنی ......صورت بنانے والا۔

اور اس کے خواص چھ ہیں:۱......اگر کوئی شخص سات (۷) دن تک روزہ رکھے اور غروب آفتاب کے بعد افطار سے پہلے اکیس (۲۱) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے اور پانی بانجھ عورت کو پلائے تو ان شاء اللہ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا۔ ۲......جو اپنے بستر پر آکر سات (۷) بار یہ اسم پڑھے، پھر ہم بستری کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطا فرمائے گا۔ ۳......اس کا بکثرت ذکر کرنے سے ضائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔ ۴......جو اس کا بکثرت ورد کرے اس کے لئے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔ ۵......جو کوئی وضو کرنے کے بعد شہادت کی انگلی سے اس کو اپنی پیشانی پر لکھے تو جس سے ملاقات کرے وہ اس کا دوست ہو جائے گا۔ ۶......جو اسے پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پی لے تو اعلیٰ مرتبہ پائے گا۔

نرینہ اولاد کیلئے دسواں وظیفہ:

جس شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو اور اسے اس کی تمنا ہو تو رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد "یَاوَاحِدُ" ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھے پھر اس کو بطور تعویذ اپنے داہنے بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ امسال فرزند صالح پیدا ہوگا۔ [ایضا:۵۵]

نرینہ اولاد کیلئے گیارہواں وظیفہ:

اگر کسی شخص کے بیٹا نہ ہو وہ شخص چالیس دن تک ہر روز چالیس مرتبہ "یَاوَاحِدُ" پڑھے اور پھر پانی یا کسی مشروب پر دم کر کے آدھا خود نوش کرے اور آدھا اپنی بیوی کو پلائے،

Marfat.com

ان شاء اللہ تعالیٰ دلی مراد پوری ہو اور فرزند صالح پیدا ہوگا، اور روزی فراخ ہو۔ [ایضا:۵۹]

اَلْوَاحِدُ کے معنی: اپنی ذات وصفات میں یکتا، لاثانی۔

اس کے تین خواص ہیں: (۱)...... جو کوئی روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ {اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ} پڑھا کرے اس کے دل سے ان شاء اللہ تعالیٰ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔ (۲)...... جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ {اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ} کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔ (۳)...... جو کوئی تنہائی سے ہراساں ہو وہ باوضو ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا اور اس کیلئے عجائبات ظاہر ہوں گے۔

ولادت میں آسانی کیلئے وظائف

ولادت میں آسانی کیلئے پہلا وظیفہ:

مندرجہ ذیل آیات اور دعا لکھ کر دردزہ والی عورت کی ران میں باندھنے اور اسے لکھ کر دھو کر پلانے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے، یہ عمل نہایت ہی مجرب ومفید ہے۔

کہ وہ اپنے مصلے پر تھیں ان کے ہاں سے نکل کر گئے۔ پھر چاشت کے بعد لوٹے اور حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا ابھی تک اسی حالت میں بیٹھی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: تو ابھی تک اسی حالت پر ہے اپنی جگہ سے اٹھی نہیں؟ تو انہوں نے کہا: جی ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے تجھ سے جدا ہونے کے بعد یہ (مندرجہ ذیل) چار کلمات تین مرتبہ کہے، اگر ان کو ان تمام کلمات کے ساتھ جو تو نے آج کہے ہیں وزن کردیا جائے تو وہ کلمات ان پر غالب ہوجائیں۔ کلمات یہ ہے:

"سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَ رِضَانَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ" [مسلم:۲/۳۵۰]

(۱۶)...... حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت داؤد علیہ السلام ہر صبح کو یہ درج ذیل دعا مانگتے تھے تین مرتبہ کا تکرار فرماتے تھے:

"اَللّٰھُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اِعْصِمْنِیْ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ مُصِیْبَۃٍ نَزَلَتْ مِنَ السَّمَآءِ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ یَّنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ" [الدعاء للسیوطی:۲/۹۵۸]

(۱۷)...... یہ دعا ہر اس شخص کو کثرت سے مانگنا چاہیے جس کو بے جا اور زیادہ غصہ آتا ہو۔

"اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ اِغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْیَیْتَنَا" [مجمع الزوائد:۷/۳۰، رقم:۱۰۸۸۸]

سوتے وقت کی دعائیں

☆...... پہلی دعا: "اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی" [رواہ البخاری ورواہ مسلم عن البراء بن عازب]

☆...... دوسری دعا: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنْتَ تَوَفَّاھَا لَكَ مَمَاتُھَا وَ مَحْیَاھَا اِنْ اَحْیَیْتَھَا فَاحْفَظْھَا بِمَا تَحْفَظُ بِہٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِیْنَ وَاِنْ اَمَتَّھَا فَاغْفِرْ لَھَا وَارْحَمْھَا۔

Marfat.com

☆......تیسری دعا: "اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ" [رواہ ابوداؤد، والترمذی واللفظ لہ]

☆......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ: مجھے ذکر و دعا کے وہ کلمے تعلیم فرمادیجئے جن کو میں صبح و شام کہہ لیا کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے یوں عرض کرو:

اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِہٖ"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! تم اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کیا کرو صبح کو اور شام کو اور سونے کے لئے بستر پر لیٹتے وقت۔ [سنن ابی داؤد، جامع ترمذی]

☆......حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب جب شام ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کرتے:

"اَمْسَیْنَا وَاَمْسَی الْمُلْکُ لِلّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ ملا فِیْھَا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکَسْلِ وَالْھَرَمِ وَسُوْءِ الْکِبَرِ وَفِتْنَۃِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اور جب صبح ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بس ایک لفظ تبدیل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں عرض کرتے: "اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْکُ لِلّٰہِ" (آخر تک)۔ [رواہ مسلم]

☆......حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب شام یا صبح ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا ضرور کرتے تھے:

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِیْ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَمِیْنِیْ

Marfat.com

وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِعَظْمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ ۔ [رواہ ابوداؤد]

☆......حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان بندہ صبح اور شام تین دفعہ (مندرجہ ذیل دعا) کہے تو اللہ تعالیٰ نے اس بندے کو اپنے ذمہ کرلیا ہے کہ قیامت کے دن اس کو ضرور خوش کردے گا۔

"رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا" [مسند احمد، جامع ترمذی]

☆......حضرت عبد اللہ بن غنّام البیاضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: جو بندہ صبح ہونے پر اللہ تعالیٰ کے حضور میں (مندرجہ ذیل دعا) عرض کرے تو اس نے اس دن کی ساری نعمتوں کا شکر ادا کردیا، اور جس نے شام ہونے پر اللہ تعالیٰ کے حضور میں اسی طرح عرض کیا تو اس نے پوری رات کی نعمتوں کا شکر ادا کردیا۔

"اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ" [رواہ ابوداؤد]

☆......حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: جو کوئی (سورت روم کی یہ تین آیتیں) صبح ہونے پر تلاوت کرے وہ اس دن کی ساری خیر اور برکتیں پالے گا جو اس سے فوت ہوئی ہوں گی۔ اور اسی طرح جو کوئی شام آنے پر یہ تین آیتیں تلاوت کرے وہ اس رات کی وہ ساری خیر و برکت پالے گا جو اس سے فوت ہوئی ہوں گی ہیں۔ [سنن ابی داؤد]

☆......حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: جو شخص ہر دن کی صبح اور ہر رات کی شام کو تین دفعہ یہ دُعا پڑھ لیا کرے اسے کوئی مضرت نہیں پہنچے گی اور وہ کسی حادثہ سے دوچار نہیں ہوگا۔ دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ [جامع ترمذی، سنن ابی داؤد]

☆......حضرت عبد اللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے

Marfat.com

فرمایا: ''شام کو اور صبح کو (یعنی دن شروع ہونے پر اور رات شروع ہونے پر) تو {قل هو الله احد} اور {قل اعوذ برب الفلق} اور {قل اعوذ برب الناس} تین بار پڑھ لیا کرو۔ یہ ہر چیز کے واسطے تمہارے لئے کافی ہوں گی۔ [سنن ابی داود]

(۲)...... اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ'' [مسلم: ۲/۳۴۷]

(۳)...... اَعُوْذُ بِاللهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ''تین مرتبہ۔

(۴)...... هُوَ اللهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ ۔ هُوَ اللهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○'' [ترمذی: ۲/۱۲۰]

(۵)...... اَللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾ [البقرہ: 255]

(۶)...... حٰمٓ ﴿١﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٢﴾ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٣﴾ [المومن: 1 تا 3]

(۷)...... فَسُبْحٰنَ اللهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿١٧﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿١٨﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿١٩﴾

[الروم: 17 تا 19]

Marfat.com

(۸)...... اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ یَّوْمِ السُّوْءِ وَمِنْ لَّیْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ [فیض القدیر: ۲/ ۱۷۵، رقم: ۱۵۲۰]

خاص سونے کے وقت کی دعائیں

☆...... حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک شخص کو بتایا کہ جب تم سونے کے لئے بستر پر لیٹ جاؤ تو اللہ تعالیٰ سے (مندرجہ ذیل دعا) عرض کیا کرو، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے جب یہ دعا تلقین فرمائی تو کسی نے ان سے کہا کہ: یہ آپ نے اپنے والد ماجد حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنی ہوگی؟'' انہوں نے فرمایا: میں نے اس ہستی سے سنا ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی بہتر تھی'' میں نے دعا براہِ راست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے۔

" اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِیْ وَاَنْتَ تَوَفَّاھَا لَکَ مَمَاتُھَا وَ مَحْیَاھَا اِنْ اَحْیَیْتَھَا فَاحْفَظْھَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَکَ الصَّالِحِیْنَ وَاِنْ اَمَتَّھَا فَاغْفِرْ لَھَا وَ ارْحَمْھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ " [رواہ مسلم]

☆...... حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول تھا کہ جب آرام کے لئے بستر پر تشریف لاتے تو اس طرح اللہ کی حمد اور اس کا شکر ادا کرتے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَ کَفَانَا وَاٰوَانَا فَکَمْ مِمَّنْ لَا کَافِیَ لَهٗ وَلَا مُؤْوِیَ لَهٗ"۔ [رواہ مسلم]

☆...... حضرت براء ابن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: جب تم بستر پر سونے کا ارادہ کرو تو پہلے وضو کرو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ (مندرجہ ذیل) دعا تلقین فرمانے کے بعد براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ: رات کو سونے سے پہلے یہ دعا تمہارا آخری بول ہو، یعنی اس دعا کے بعد کوئی بات نہ کرو اور بس سو جاؤ اگر اللہ کے حکم سے اسی حال میں تم کو موت آ گئی تو تمہاری موت بڑی مبارک اور دینِ فطرت پر ہوگی۔ براء بن

Marfat.com

عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضور کے سامنے ہی اس دعا کو یاد کرنے لگا تو میں نے آخری جملہ میں "نَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ" کی جگہ "بِرَسُوْلِكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ" کہا (جو بالکل اس کے ہم معنی تھا، صرف ایک لفظ کا فرق تھا) تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں نَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ" کہو۔ دعا یہ ہے:

"اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ وَجْھِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْكَ رَھْبَةً وَّرَغْبَةً اِلَیْكَ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَ نَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ" [رواہ البخاری، ومسلم]

☆......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم کو ہدایت فرماتے تھے کہ جب ہم میں سے کوئی سونے کا ارادہ کرے تو اپنی داہنی کروٹ پر لیٹے اور اللہ تعالیٰ سے یوں دعا کرے:

"اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰاتِ وَرَبَّ الْاَرْضِ وَ رَبَّ الْعَرْشِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ، اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَا صِیَتِھَا اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَكَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَكَ شَیْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ" [رواہ مسلم]

☆......حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول تھا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنا داہنا ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے رکھ کر لیٹ جاتے اور تین دفعہ یہ دعا کرتے: "اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ" [سنن ابی داؤد]

☆......حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سونے کے لئے بستر پر لیٹتے وقت اللہ تعالیٰ کے حضور میں اس طرح (مندرجہ ذیل) توبہ واستغفار کرے اور تین دفعہ عرض کرے، تو اس کے سب گناہ بخش دیئے جائیں گے، اگر چہ وہ درختوں کے پتوں اور مشہور ریگستان عالج کے ذروں اور دنیا کے دنوں کی طرح بے شمار ہوں۔ دعا یہ ہے:

Marfat.com

"اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ"

☆......فروہ بنت نوفل سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے والد نوفل سے فرمایا کہ: جب تم سونے کا ارادہ کرو تو سورہ "قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ" پڑھ لیا کرو' اس کے بعد سو جایا کرو، اس سورت کے مضمون میں شرک سے پوری برأت ہے۔ [سنن ابی داود، جامع ترمذی]

☆......حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دوامی معمول تھا کہ جب رات کو سونے کے لئے لیٹتے تو {قل ھو اللہ احد} اور {قل اعوذ برب الفلق} اور {قل اعوذ برب الناس}۔

یہ تینوں سورتیں پڑھ کے دونوں ہاتھوں پر دم کرتے، اور جہاں تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پہنچ سکتے ان کو جسمِ مبارک پر پھیرتے، پہلے سر اور چہرے پر اور جسم کے سامنے کے حصے پر پھیرتے، تین دفعہ یہ عمل کرتے۔ [سنن ابی داود، جامع ترمذی]

نیند نہ آنے کی شکایت کی دعا

☆......حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شکایت کی کہ مجھے رات کو نیند نہیں آتی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم بستر پر لیٹو تو اللہ تعالیٰ سے یہ (مندرجہ ذیل) دعا کر لیا کرو۔

"اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضَلَّتْ كُنْ لِیْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِیْعًا اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ اَوْ اَنْ یَّبْغِیَ عَلَیَّ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ"۔ [جامع ترمذی]

دوسری دعا:

"اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَهَدَأَتِ الْعُیُوْنُ وَاَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمٌ اِهْدِیْ لَیْلِیْ وَاَنِمْ عَیْنِیْ"

Marfat.com

نیند میں ڈر جانے کی دُعا

☆......حضرت عبداللہ بن عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی (ڈراؤنا خواب دیکھ کے) سوتے میں ڈر جائے تو یوں (مندرجہ ذیل) دعا کرے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: پھر شیاطین اس بندے کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔ (حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث ان کے صاحبزادے شعیب نے روایت کی ہے) ان کا بیان ہے کہ ہمارے والد ماجد عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا یہ دستور تھا کہ ان کی اولاد میں جو بڑے اور بالغ ہو جاتے وہ یہ دعا ان کو تلقین فرماتے تاکہ وہ اس کو اپنا معمول بنالیں۔ اور جو بچے چھوٹے ہوتے تو یہی دعا ایک کاغذ پر لکھ کر ان کے گلے میں (بطور تعویذ) ڈال دیتے۔

"اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعَذَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ"۔ [رواہ ابوداؤد، والترمذی]

سو کر اٹھنے کے وقت کی دعا

☆......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب رات کو نیند سے بیدار ہوتے تو اللہ کے حضور میں (مندرجہ ذیل دعا) عرض کرتے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا وَّلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِيْ وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ" [رواہ ابوداؤد]

☆......حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب رات کو سو کر کسی کی آنکھ کھلے اور وہ اس وقت (مندرجہ ذیل دعا) کہے اس کے بعد کہے:

"اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ"۔ یا کوئی اور دعا کرے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی یہ دعا والتجا قبول

Marfat.com

فرمائی جائے گی۔ اس کے بعد اگر (وہ ہمت کر کے اُٹھ جائے اور) وضو کر کے نماز پڑھے تو اس کی یہ نماز بھی ضرور قبول ہوگی۔ دعا یہ ہے:

"لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ"

بیت الخلاء میں جانے کی دعا

بیدار ہونے کے بعد عام طور پر انسان کو اپنی حاجت پوری کرنے کے لئے بیت الخلاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ قضائے حاجت کے مقامات (شیاطین اور موذی چیزوں کے) اڈے ہیں، لہٰذا تم میں سے کوئی قضائے حاجت کے لئے ان میں جانا چاہے تو اللہ تعالیٰ کے حضور میں پہلے (مندرجہ ذیل دعا) عرض کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ [سنن ابی داود، سنن ابن ماجہ]

بیت الخلاء سے نکلتے وقت کی دعا

☆......پہلی دعا "غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ [سنن ابن ماجہ]

☆......دوسری دعا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذَاقَنِیْ لَذَّتَهٗ وَاَبْقٰی فِیَّ قُوَّتَهٗ وَاَذْهَبَ عَنِّیْ اَذَاهُ [کنزل العمال نمبر ۱۷۸۷۷]

نماز کے لئے جانے کی دعا

"بِسْمِ اللّٰهِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ بِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ وَبِحَقِّ مَخْرَجِیْ هٰذَا فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ شَرًّا وَّ لَا بَطَرًا وَّ

Marfat.com

لَا رِیَآءً وَّلَا سُمْعَةً خَرَجْتُ ابْتِغَاءَ رِضَآئِكَ وَاتِّقَآءَ سَخَطِكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُعِيذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَتُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ"

نماز فجر کیلئے جاتے وقت کی دعا

فجر کی نماز کے لئے جب مسلمان بیدار ہوگا اور وضو کرے گا اور وضو کے بعد نماز فجر یا جماعت ادا کرنے کے لئے مسجد کی طرف جائے گا تو فجر کی نماز کے لئے جاتے ہوئے راستے میں جو دعا پڑھنا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے، وہ یہ ہے:

"اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا عَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا عَنْ یَسَارِیْ نُوْرًا فَوْقِیْ نُوْرًا وَتَحْتِیْ نُوْرًا وَاَمَامِیْ نُوْرًا وَخَلْفِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا وَاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا" [صحیح مسلم]

مسجد داخل ہوتے وقت یہ پڑھیں

"اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ"

بعض روایتوں میں دعا سے پہلے بسم اللہ اور درود شریف کے اضافہ کے ساتھ اس طرح یہ دعا منقول ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ"۔

مسجد میں جا کر تحیۃ المسجد پڑھ لیں

جب مسجد میں داخل ہو گئے اور ابھی جماعت کھڑی ہونے میں وقت ہے تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز "تحیۃ المسجد" کی نیت سے پڑھ لیں۔ حدیث شریف میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں آئے تو دو رکعتیں پڑھ لے۔"

Marfat.com

جماعت کے انتظار میں بیٹھے ہوئے یہ دعا پڑھیں

"سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ"

مسجد سے نکلتے وقت یہ پڑھیں

"بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ"

نماز اشراق کی فضیلت

البتہ جب آدمی نماز فجر سے فارغ ہو جائے تو اگر اس کے لئے ممکن ہو تو نماز سے فارغ ہونے کے بعد مسجد سے باہر نکلنے کے بجائے مسجد ہی میں بیٹھ جائے۔ حدیث شریف میں اس کی بڑی فضیلت آئی ہے کہ جو شخص فجر کی نماز پڑھنے کے بعد جس جگہ نماز پڑھی ہے، طلوع آفتاب تک اسی جگہ بیٹھا رہے اور اس دوران ذکر کرتا رہے، تسبیحات پڑھتا رہے، قرآن کریم کی تلاوت کرتا رہے، اور دعائیں کرتا رہے، پھر جب سورج طلوع ہونے کے بعد بلند ہو جائے، اس وقت دو رکعت یا چار رکعت اشراق کی نماز پڑھے تو اس شخص کو ایک حج اور ایک عمرے کا ثواب ملے گا۔

سورج نکلتے وقت کی دعا

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا"

گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھے

☆......پہلی دعا: "بِسْمِ اللّٰهِ وَاعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ"

Marfat.com

☆......دوسری دعا: بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ نَزِلَّ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ یُظْلَمَ عَلَیْنَا اَوْ نَجْھَلَ اَوْ یُجْھَلَ عَلَیْنَا۔ [رواہ احمد، والترمذی، والنسائی]

بازار جاتے وقت یہ دعا پڑھ لیں

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو بندہ بازار گیا اور اس نے (بازار کی غفلت اور شور وشر سے بھرپور فضا میں دل کے اخلاص سے مندرجہ ذیل دعا) کہا، تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کیلئے ہزاروں ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی اور ہزاروں گناہ معاف کردیئے جائیں گے اور ہزاروں درجے اس کے بلند کردیئے جائیں گے، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لئے جنت میں ایک شاندار محل تیار ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے:

"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"۔ [رواہ الترمذی، وابن ماجہ]

خرید وفروخت کے وقت کی دعا

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ صَفْقَۃٍ خَاسِرَۃٍ وَیَمِیْنٍ فَاجِرَۃٍ"

گھر میں داخل ہونے کی دعا

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا"

جب مغرب کی اذان سنے تو یہ دعا پڑھے

"اَللّٰھُمَّ ھٰذَا اِقْبَالُ لَیْلِکَ وَاِدْبَارُ نَھَارِکَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِکَ فَاغْفِرْلِیْ"

[ابوداؤد، ترمذی، حاکم عن ام سلمہ رضی اللہ عنہا]

Marfat.com

کھانا سامنے آنے پر دعا

☆......پہلی دعا: "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ"۔

☆......دوسری دعا: اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاَطْعِمْنِیْ خَیْرًا مِّنْہُ"۔

کھانا شروع کرنے سے پہلے دعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی"۔

بسم اللہ بھول جانے پر درمیان طعام کی دعا

"بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ"۔

کھانے کے بعد کی دعا

"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَ کَفَانَا وَ اٰوَانَا وَاَرْوَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ"۔

کسی کے یہاں کھانا کھا کر کھلانے والے کیلئے دُعا

☆......پہلی دعا: اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَاَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلَائِکَۃُ"۔ [سنن ابی داؤد]

☆......دوسری دعا: اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْلَھُمْ وَارْحَمْھُمْ"۔ [مسلم]

نعمتوں پر شکر ادا کرنے کے لئے دعاء

"اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کُلُّہٗ وَلَکَ الشُّکْرُ کُلُّہٗ وَلَکَ الْمُلْکُ کُلُّہٗ وَلَکَ الْخَلْقُ کُلُّہٗ بِیَدِکَ الْخَیْرُ کُلُّہٗ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ الْاَمْرُ کُلُّہٗ اَسْئَالُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ وَ

Marfat.com

أَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ"

سواری پر بیٹھنے کی دعا

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ [الزخرف:13،14]

لمبے سفر پر جاتے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول

یہ تو وہ دعا تھی جو ہر قسم کی سواری کے لئے پڑھی جاتی ہے، چاہے وہ سفر چھوٹا ہو یا بڑا ہو، قریبی مسافت پر جانا ہو یا بعید کی مسافت پر جانا ہو لیکن اگر کوئی شخص لمبے سفر پر اور اپنے شہر سے باہر دوسرے شہر کی طرف جا رہا ہو تو اس موقع کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور عظیم دعائیں تلقین فرمائی ہیں، یہ ایسی دعائیں ہیں کہ کوئی انسان اس طرح مانگنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول یہ تھا کہ جب آپ مدینہ منورہ سے باہر کسی سفر پر روانہ ہونے کا ارادہ فرماتے تو سب سے پہلے تین مرتبہ تکبیر فرماتے: اَللّٰهُ اَكْبَر، اَللّٰهُ اَكْبَر، اَللّٰهُ اَكْبَر، اس کے بعد جب سواری پر سوار ہوتے تو یہ دعا پڑھتے:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ [الزخرف:13،14]

سفر میں اللہ تعالیٰ کو ساتھی بنالیں

اس کے بعد ایک عجیب دعا یہ فرماتے:

"اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا هٰذَا السَّفَرَ وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ"

Marfat.com

سفر کی مشقتوں سے پناہ مانگ لینے کیلئے دعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفر کی مشقتوں سے پناہ مانگ لینے کیلئے یہ دعا پڑھتے تھے:
"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَۃِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ"

نئی بستی سے گزرتے وقت کی دعا

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃِ وَخَیْرَ اَھْلِھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ اَھْلِھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا"

کسی بستی میں داخل ہوتے وقت کی دعا

تین بار کہے: "اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْھَا۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاھَا وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَھْلِھَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَھْلِھَا اِلَیْنَا"۔ [رواہ الطبرانی فی الاوسط]

سفر پر جانے والے کو وصیت اور اس کیلئے دعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ: میرا ارادہ سفر کا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے کچھ وصیت اور نصیحت فرمائیں؟ آپ نے فرمایا: پہلی وصیت تو یہ ہے کہ اللہ کا خوف اور اس کی ناراضگی سے بچنے کی فکر کو لازم پکڑلو (اس بارے میں ادنیٰ تساہل اور غفلت نہ ہو) اور دوسری بات یہ یاد رکھو کہ اثناءِ سفر میں جب کسی بلندی پر پہنچنا ہو تو "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہو۔ پھر جب وہ آدمی روانہ ہوگیا تو آپ نے دعا دی:
اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْہِ السَّفَرَ وَاطْوِلَہٗ بُعْدَہٗ"۔ [رواہ الترمذی]

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرا ارادہ سفر کا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے "زادِ سفر" عنایت

Marfat.com

فرما دیجئے؟ (یعنی ایسی دعائیں کر دیجئے جو سفر میں میرے کام آئیں) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: اللہ تقویٰ کو تمہارا زادِ راہ سفر بنائے (اور تمہیں پورے سفر میں یہ دولت نصیب رہے) اس شخص نے عرض کیا: حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس میں اور اضافہ فرمائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اور تمہارے گناہوں کی اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔ اس نے پھر عرض کیا: میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان! اس میں اور اضافہ فرمایئے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہاں بھی تم پہنچو، اللہ تعالیٰ خیر اور بھلائی تمہارے لئے میسر فرمائے۔ [جامع ترمذی]

قربانی کے وقت یہ دعا پڑھیں

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۲﴾ [الانعام:162]

تکلیف کے وقت کی دعا

"اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ"

اس کے بعد یہ دعا پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَحْتَسِبُ لَکَ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاْجُرْنِیْ فِیْھَا وَاَبْدِلْنِیْ خَیْرًا مِّنْھَا"

سخت خطرے کے وقت کی دعا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لوگوں نے غزوہ خندق کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا: حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا اس نازک وقت کے لئے کوئی خاص دعا ہے، جو ہم اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کریں، حالت یہ ہے کہ ہمارے دل مارے دہشت کے اچھل اچھل کے گلوں میں آ رہے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں (مندرجہ ذیل دعا) عرض کرو، ابو سعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ: پھر اللہ تعالیٰ نے آندھی بھیج کر دشمنوں کے منہ پھیر دیئے اور اس آندھی ہی سے اللہ تعالیٰ نے ان کو شکست دی۔ دعا یہ ہے:

☆......پہلی دعا "اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا" [رواہ احمد]

Marfat.com

☆......دوسری دعا: "اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ"
[رواہ احمد، وابوداؤد]

فکر اور پریشانی کے وقت کی دعا

پہلی دعا:

"لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْم"۔ [رواہ احمد، ومسلم]

دوسری دعا:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب کوئی فکر اور پریشانی لاحق ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا یہ ہوتی تھی: "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ" اور فرماتے "یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" سے چمٹے رہو۔ (یعنی اس کلمہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے استغاثہ اور فریاد کرتے رہو۔ [جامع ترمذی]

تیسری دعا:

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: "میں تمہیں ایسے کلمے بتادوں جو پریشانی اور فکر کے وقت تم کہا کرو۔ (ان شاء اللہ وہ تمہارے لئے باعث سکون ہوں گے)۔

"اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا"۔ [جامع ترمذی]

چوتھی دعا:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی کو پریشانی اور فکر زیادہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اللہ کے حضور میں اس طرح (مندرجہ ذیل

Marfat.com

دعا) عرض کرے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: جو بندہ بھی ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی فکروں اور پریشانیوں کو دور فرما کر ضرور بالضرور اس کو کشادگی عطا فرمادے گا۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ وَفِیْ قَبْضَتِكَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ ھُوَ لَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَجِلَاءَ ھَمِّیْ وَغَمِّیْ" [رواہ رزین]

"اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ" [ابوداؤد: رقم: ۵۰۹]

رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾ [القصص:24]

کسی کو مصیبت میں مبتلا دیکھنے کے وقت کی دُعا

امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس آدمی کی نظر کسی مبتلائے مصیبت اور دکھی پر پڑے اور وہ (مندرجہ ذیل دعا) کہے، تو وہ اس بلا اور مصیبت سے محفوظ رہے گا خواہ کوئی بھی مصیبت ہو۔ دعا یہ ہے:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا" [رواہ الترمذی، ورواہ ابن ماجہ، عن ابن عمر رضی اللہ عنہ]

مصائب اور مشکلات کے وقت کی دعائیں

"لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ" [مسند احمد، والترمذی، والنسائی]

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ" [رواہ ابن مردویہ]

Marfat.com

"اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبۡعِ وَرَبَّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ اَکۡفِنِیۡ کُلَّ مُھِمٍّ ،مِنۡ حَیۡثُ شِئۡتَ مِنۡ اَیۡنَ شِئۡتَ" [رواہ الخرائطی فی مکارم الاخلاق]

"اَللّٰھُمَّ احۡرُسۡنِیۡ بِعَیۡنِکَ الَّتِیۡ لَا تَنَامُ وَاکۡنُفۡنِیۡ بِکَنَفِکَ الَّذِیۡ لَا یُرَامُ وَاغۡفِرۡلِیۡ بِقُدۡرَتِکَ عَلَیَّ فَلَا اَھۡلِکَ وَاَنۡتَ رَجَائِیۡ رَبِّ کَمۡ مِنۡ نِعۡمَۃٍ اَنۡعَمۡتَھَا عَلَیَّ قَلَّ لَکَ عِنۡدَھَا شُکۡرِیۡ وَکَمۡ بَلِیَّۃٍ اِبۡتَلَیۡتَنِیۡ بِھَا قَلَّ لَکَ عِنۡدَھَا صَبۡرِیۡ فَیَامَنۡ قَلَّ عِنۡدَ نِعۡمَتِہٖ شُکۡرِیۡ فَلَمۡ یَحۡرِمۡنِیۡ وَیَامَنۡ قَلَّ عِنۡدَ بَلِیَّتِہٖ صَبۡرِیۡ فَلَمۡ یَخۡذُلۡنِیۡ وَیَامَنۡ رَاٰنِیۡ عَلَی الۡخَطَایَا فَلَمۡ یَفۡضَحۡنِیۡ یَاذَا الۡمَعۡرُوۡفِ الَّذِیۡ لَا یَنۡقَضِیۡ اَبَدًا وَیَاذَا النَّعۡمَاءِ الَّتِیۡ لَا تُحۡصٰی اَبَدًا اَسۡئَلُکَ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبِکَ اَدۡرَأُ فِیۡ نُحُوۡرِ الۡاَعۡدَاءِ وَالۡجَبَّارِیۡنَ"

[رواہ الدیلمی فی مسند الفردوس]

دس مرتبہ پڑھے "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ" [ترمذی: ۲/ ۱۹۳]

حاکمِ وقت کے ظلم سے حفاظت کی دعا

"اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبۡعِ وَرَبَّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ کُنۡ لِیۡ جَارًا مِنۡ شَرِّ فُلَانِ بۡنِ فُلَانٍ وَّشَرِّ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ وَاَتۡبَاعِھِمۡ اَنۡ یَّفۡرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِنۡھُمۡ اَوۡ اَنۡ یَّطۡغٰی عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیۡرُکَ" [رواہ الطبرانی فی معجم الکبیر]

اَللّٰہُ اَکۡبَرُ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ مِنۡ خَلۡقِہٖ جَمِیۡعًا اَللّٰہُ اَعَزُّ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحۡذَرُ، اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ الۡمُمۡسِکِ السَّمٰوٰتِ السَّبۡعِ اَنۡ یَّقَعۡنَ عَلَی الۡاَرۡضِ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ مِنۡ شَرِّ عَبۡدِکَ فُلَانٍ وَّجُنُوۡدِہٖ وَاَتۡبَاعِہٖ وَاَشۡبَاعِہٖ مِنَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ۔ اِلٰھِیۡ کُنۡ لِیۡ جَارًا مِّنۡ شَرِّھِمۡ جَلَّ ثَنَاؤُکَ وَعَزَّجَارُکَ وَتَبَارَکَ اسۡمُکَ وَلَا اِلٰہَ

Marfat.com

غَيْرُكَ“ [مجمع الزوائد:۱۰/۲۱۹ رقم:۱۷۴۴۷]

اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحَاقَ عَافِنِيْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ لَّا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ“ [مصنف ابن ابی شیبہ:۷/۲]

جن وانس کے شر سے حفاظت کی دعا

صبح وشام ایک ایک مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھے تو جن وانس کے شر سے حفاظت ہوتی ہے:

”اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَشَرِّ مَا ذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَشَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّارَحْمٰنُ“ [موطا امام مالک:۷۲۲]

دشمنوں کی نظر سے چھپے رہنے کی دعائیں

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب یہ چاہتے کہ مشرکین آپ کو نہ دیکھ سکیں تو قرآن مجید کی تین آیتیں پڑھ لیتے تھے، اس کے اثر سے کفار آپ کو نہ دیکھ سکتے تھے۔ وہ تین آیتیں یہ ہیں:

☆......اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا [الکہف:57]

☆......اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ [النحل:108]

☆......اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ [الجاثیہ:23]

امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان تینوں کے ساتھ سورہ یٰسین کی یہ آیتیں ملا لی جائیں:

يٰسٓ ۚ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ ﴿٢﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ ﴿٣﴾ عَلٰى صِرَاطٍ

Marfat.com

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ
فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾ اِنَّا
جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا
مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا
يُبْصِرُوْنَ ﴿٩﴾ [یٰس:1 تا9۔ قرطبی:۵/۱۹۶]

دشمن اور ظالم کے شر سے حفاظت کے لئے دعا

جس کو کسی ظالم شخص سے کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو، اس کے شر سے حفاظت کے لئے یہ دعا مانگے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ [یونس:85، مستند مجموعہ وظائف، مفتی شامزی]

حفاظت وعافیت کی جامع دعائیں

(۱)...... اَللّٰهُمَّ حَنِّنْ عَلَيَّ عِبَادَكَ وَاِمَائِكَ وَاَغْنِنِيْ عَنْ شِرَارِ عِبَادِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ يَا وَدُوْدُ يَا ذَاالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَافَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ اَسْاَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَبِمُلْكِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ كَذَا وَكَذَا يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَنْ يَّمِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَنْ شِمَالِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَيْنَ يَدَيَّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ خَلْفِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ فَوْقِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ جَمِيْعِ جَوَانِبِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَابِضٌ عَلٰى بِنَاصِيَتِيْ [الورد المصفّٰی المختار:۸۶]

(۲)...... اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَعَظَمَتِهٖ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ وَسُلْطَانِهٖ وَ

Marfat.com

بِعِزِّ جَلَالِ اللّٰهِ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا تَحْتَ الثَّرٰى وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ رَّبِّيْ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَآ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

(۳)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، مَلْجَا كُلِّ هَارِبٍ وَّمَاْوٰى كُلِّ خَآئِفٍ"

(۴)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَقِيْ بِهَا نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَجَمِيْعَ نِعَمِ اِلٰهِيْ وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِيْ عِنْدِيْ۔

(۵)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَنْجُوْبِهَا مِنْ اِبْلِيْسَ وَخَيْلِهٖ وَرَجِلِهٖ وَشَيَاطِيْنِهٖ وَمَرَدَتِهٖ وَاَعْوَانِهٖ وَجَمِيْعَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَشُرُوْرِهِمْ۔

(۶)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَمْتَنِعُ بِهَا مِنْ ظُلْمِ مَنْ اَرَادَ ظُلْمِيْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۷)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَكُفُّ بِهَا عُدْوَانَ مَنِ اعْتَدٰى عَلَيَّ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۸)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ :اُضْعِفُ بِهَا كَيْدَ مَنْ كَادَنِيْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۹)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ : اُزِيْلُ بِهَا مَكْرَ مَنْ مَّكَرَبِيْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۱۰)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ : اُبْطِلُ بِهَا سَعْيَ مَنْ سَعٰى عَلَيَّ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۱۱)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ : اُذِلُّ بِهَا مَنْ تَعَزَّزَ عَلَيَّ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

Marfat.com

(۱۲)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ : اُهِيْنُ بِهَا مَنْ اَهَانَنِیْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۱۳)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ : اَقْصِمُ بِهَا ظَالِمِیْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۱۴)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ : اُقَدِّرُبِهَا عَلٰی ذِی الْقُدْرَةِ عَلَیَّ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۱۵)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ :اَسْتَدْفِعُ بِهَا شَرَّ مَنْ اَرَادَنِیْ بِشَرٍّ مِّنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

(۱۶)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ :اِسْتِغَاثَةٌ بِقُوَّةِ اللّٰهِ

(۱۷)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ :اِسْتِجَارَةٌ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ۔

(۱۸)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ : اَسْتَعِيْنُ بِهَا عَلٰی مَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ وَعِنْدَ نُزُوْلِ مَلَكِ الْمَوْتِ بِیْ وَمُعَالَجَةِ سَكَرَاتِهٖ وَغَمَرَاتِهٖ۔

(۱۹)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ:اُحَصِّنُ بِهَا رُوْحِیْ وَاَعْضَآئِیْ وَشَعْرِیْ وَبَشَرِیْ۔

(۲۰)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ:اِذَا اُدْخِلْتُ قَبْرِیْ فَرِيْدًا وَّحِيْدًا خَالِيًا بِعَمَلِیْ۔

(۲۱)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ: اَسْتَعِيْنُ بِهَا عَلٰی مَحْشَرِیْ اِذَا نُشِرَتْ لِیْ صَحِيْفَتِیْ،وَرَاَيْتُ ذُنُوْبِیْ وَخَطَايَایَ۔

(۲۲)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ: اِذَا طَالَ فِی الْقِيَامَةِ وُقُوْفِیْ وَاشْتَدَّ عَطَشِیْ۔

(۲۳)......وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ: اَجُوْزُ بِهَا الصِّرَاطَ مَعَ الْاَوْلِيَاءِ وَاُثَبِّتُ

Marfat.com

بِهَا قَدَمِي۔

(۲۴)......وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ: اَسْتَقِرُّ بِهَا فِيْ دَارِ الْقَرَارِ مَعَ الْاَبْرَارِ عَدَدَ مَا قَالَهَا وَمَا يَقُوْلُهَا الْقَائِلُوْنَ مُنْذُ اَوَّلِ الدَّهْرِ اِلٰٓى اٰخِرِهٖ عَدَدَ مَآ اَحْصَاهُ كِتَابُ اللّٰهِ وَاَحَاطَ بِهٖ عِلْمُهٗ وَاَضْعَافَ ذٰلِكَ ۔اَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً وَّ كُلُّ ضُعْفٍ يَّتَضَاعَفُ اَضْعَافِ ذٰلِكَ اَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً ۔اَبَدَ الْاَبَدِ وَمُنْتَهَى الْعَدَدِ بِلَآ اَمَدٍ ،عَدَدًا لَّا يُحْصِيْهِ اِلَّا هُوَ وَلَا يُحِيْطُ بِهٖ اِلَّا عِلْمُهٗ۔

(۲۵)......وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ [الورد المصفٰی المختار:۸۸]

(۲۶)......اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَوْدِعُكَ الْيَوْمَ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ وَمَنْ كَانَ مِنِّيْ فِيْ سَبِيْلِ الشَّاهِدِ مِنْهُمْ وَالْغَآئِبِ۔

(۲۷)...... اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا بِحِفْظِ الْاِيْمَانِ وَاحْفَظْهُ عَلَيْنَا ۔اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ وَلَا تَسْلُبْنَا فَضْلَكَ اِنَّآ اِلَيْكَ رَاغِبُوْنَ۔

(۲۸)...... اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَ كَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَسُوْٓءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ يَامَنْ هُوَ اَقْرَبُ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ يَافَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ يَامَنْ يَّحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ حُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَنْ يُّؤْذِيْنَا بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ يَاكَافِيْ كُلِّ شَيْءٍ وَّ لَا يَكْفِيْ مِنْهُ شَيْءٌ اِكْفِنَا مَا يُهِمُّنَا مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ [ایضا:۱۵۵]

(۲۹)...... اَصْبَحْنَا بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ مِّنْهُ مُمْتَنِعٌ وَّبِعِزَّةِ اللّٰهِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَلَا تُضَامُ وَبِسُلْطَانِ اللّٰهِ الْمَنِيْعِ نَحْتَجِبُ وَبِاَسْمَآءِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا عَآئِذًا بِاللّٰهِ مِنَ الْاَبَالِسَةِ وَمِنْ شَرِّ شَيَاطِيْنِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ مُعْلِنٍ اَوْ مُسِرٍّ وَّمِنْ شَرِّ مَا يَكْمُنُ بِاللَّيْلِ وَيَخْرُجُ بِالنَّهَارِ اَوْ يَكْمُنُ بِالنَّهَارِ وَيَخْرُجُ بِاللَّيْلِ وَمِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ ، وَمِنْ شَرِّ اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا" [ایضا:۲۶]

Marfat.com

(۳۰)...... اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ كَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَكُنْ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ، اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ، وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَا صِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ " [ابن السنی ، باب مایقول اذا اصبح: ۳۰]

(۳۱)...... اَللّٰہُ اَكْبَرُ اَللّٰہُ اَكْبَرُ اَللّٰہُ اَكْبَرُ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ ، بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَمَالِیْ ، بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ اَعْطَانِیْ رَبِّیْ ، بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ ، بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ ، بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ دَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ افْتَتَحْتُ وَعَلَی اللّٰہِ تَوَكَّلْتُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِہٖ شَیْئًا ، اَسْأَلُكَ اَللّٰھُمَّ بِخَیْرِكَ مِنْ خَیْرِكَ الَّذِیْ لَا یُعْطِیْہِ غَیْرُكَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآئُكَ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اِجْعَلْنِیْ فِیْ عِیَاذِكَ وَجِوَارِكَ مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ وَّ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَجِیْرُكَ مِنْ جَمِیْعِ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْھُنَّ وَاُقَدِّمُ بَیْنَ یَدَیَّ ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ○ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّہٗ كُفُوًا اَحَدٌ○ عَنْ اَمَامِیْ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَّمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَتَحْتِیْ " [کنز العمال ، اول ، الاذکار ، ادعیۃ الحرز: ۲ / ۲۸۳ ، رقم: ۵۰۱۸]

کسی مجلس سے اُٹھنے کے وقت کی دعا

☆...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا جس میں اس سے بہت سی قابلِ مواخذہ ولایعنی باتیں سرزد ہوئیں ، مگر اس نے اس مجلس سے اٹھتے وقت (مندرجہ ذیل دعا) کہا ، تو اللہ تعالیٰ اس کی ان سب لغزشوں کو معاف کردے گا جو اس مجلس میں اس سے سرزد ہوئیں ۔ [جامع الترمذی]

Marfat.com

☆......دوسری حدیث میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چند مختصر کلمے ہیں اگر کوئی بندہ کسی مجلس سے اٹھتے وقت اخلاص سے کہہ لے تو وہ اس مجلس کی ساری لغزشوں کا کفارہ ہو جائیں گے، اور اگر یہی کلمے کسی مجلسِ خیر یا مجلسِ ذکر کے خاتمے پر کہے جائیں تو اس مجلس کی روئداد کے نوشتہ پر ان کلموں کی مہر لگادی جائے گا، جس طرح اہم کاغذات اور دستاویزوں پر مہر لگادی جاتی ہے، وہ کلمے یہ ہیں: [رواہ ابوداؤد]

"سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ" [جامع ترمذی۔رواہ ابوداؤد]

☆......حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: بہت کم ایسا ہوتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی مجلس سے اُٹھیں اور اپنے ساتھ اپنے اصحاب کے لئے بھی یہ دُعا نہ فرمائیں:

"اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مُصِيْبَاتِ الدُّنْيَا، وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْنَا الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا". [رواہ الترمذی]

گم شدہ یا چوری کی ہوئی چیز کے ملنے کیلئے دعائیں

جب کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے تو سب سے پہلے تو اپنے اعمال پر نظر ڈالے، اگر اس میں کوئی کوتاہی نظر آئے تو فوراً اس کو دور کرنے کی فکر کریں اور کثرت سے استغفار کریں، پھر ہر نماز کے بعد انتہائی عاجزی اور انکساری کے ساتھ اس دعا کو (۲۵) مرتبہ پڑھے:

(۱)...... اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّآلَّةِ وَهَادِيَ الضَّآلَّةِ تَهْدِيْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَيَّ

Marfat.com

ضَآلَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَإِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ۔ [مجمع الزوائد، الاذکار،
مایقول اذا انفلتت دابتہ:۱۰/۱۳۹،رقم:۱۷۱۰۶]

(۲)......"اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۔اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِيْ فَاْجُرْنِيْ فِيْهَا وَاَبْدِلْنِيْ مِنْهَا خَيْرًا" [ترمذی:الدعوات:۲/۱۹۱]

مال یا بیٹا گم ہونے کا پہلا وظیفہ:

جس شخص کا مال یا بیٹا گم ہو گیا ہو اگر وہ پانچ ہزار بار "اَلْخَالِقُ" کا ورد کرے تو وہ گمشدہ واپس آجائے گا۔ [تحفہ سعادت:۱۱۶]

گم ہونے والے بچے کیلئے دوسرا وظیفہ:

اگر کسی عورت کا چھوٹا بچہ کھو جائے اس آیت کریمہ کو ایک ہزار تین سو اکیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرنا پھر اس آیت کو سفید کاغذ پر تین مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ کر کسی درخت پر لٹکانا اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت جلد بچے کو واپس لاتا ہے آیت یہ ہے:

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ [القصص:13۔طب روحانی:۱۲۹]

اطمینان قلب اور کام کی سہولت کیلئے دعا

جب کسی مسئلے میں اطمینان نہ ہو رہا ہو، یا کسی طالب علم کو اپنا سبق سمجھ میں نہ آرہا ہو، یا کسی کو تقریر کرنی ہو یا درس دینا ہو یا کوئی مضمون لکھنا ہو، تو یہ دعا کرے:

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾ [طہ:25تا28]

"يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ"

Marfat.com

نیا لباس پہننے کے وقت کی دعا

☆......حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: جو بندہ نیا کپڑا پہنے اور (مندرجہ ذیل دعا) کہے پھر بندہ وہ لباس جو اس نے پرانا کر کے اتار دیا ہے صدقہ کر دے تو وہ زندگی میں اور مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حفاظت ونگہبانی میں رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس کی پردہ داری فرمائے گا۔ دعا یہ ہے:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ"۔ [مسند احمد، جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ]

آئینہ دیکھنے کے وقت کی دعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول تھا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آئینہ دیکھتے تو کہتے:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَا شَانَ مِنْ غَيْرِیْ"۔ [رواہ البزار]

مباشرت کے وقت کی دعا

☆......حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بیوی کے پاس جاتے وقت اللہ کے حضور میں یہ (مندرجہ ذیل دعا) عرض کر لیا کرے۔ تو اگر اس مباشرت کے نتیجہ میں ان کے لئے بچہ مقدر ہو گا تو شیطان اس کو کبھی نقصان نہ پہنچا سکے گا اور وہ ہمیشہ شر شیطان سے محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا"۔ [صحیح البخاری، صحیح مسلم]

Marfat.com

غصہ کے وقت کی دعا

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ○

[شامی، عالمگیری]

"تم کو ہم نے اس سے پیدا کیا اور اسی میں ہم تم کو لوٹائیں گے اور اسی سے تم کو دوبارہ نکالیں گے۔"

"اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَ اعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبُّهَا وَاَنْتَ خَلَقْتَهَا وَاَنْتَ هَدَيْتَهَا لِلْاِسْلَامِ وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوْحَهَا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّهَا وَعَلَانِيَتِهَا جِئْنَا شُفَعَآءَ فَاغْفِرْلَهَا"۔ [مشکوۃ]

Marfat.com

''اے اللہ! بخش دے اس کو اور رحم کر اس پر اور عافیت دے اس کو اور معاف کر اس کو اور باعزت کر اس کی مہمانی کو اور فراخ کر اس کی قبر کو اور دھو دے اس کو پانی اور برف اور اولے سے اور صاف کر اس کو گناہوں سے جیسے کہ تو نے صاف رکھا ہے سفید کپڑے کو میل سے اور عوض میں دے اس کو گھر بہتر اس کے گھر سے اور اس کو اہل بہتر اس کے اہل سے اور جوڑا بہتر جوڑے سے اور داخل کر اس کو جنت میں اور پناہ دے اس کو قبر کے عذاب سے اور دوزخ کے عذاب سے۔ اے اللہ! تو اس کا پروردگار ہے اور تو نے ہی اس کو پیدا کیا اور تو نے ہی اس کو اسلام کی ہدایت کی اور تو نے ہی قبض کیا اس کی روح کو اور تو ہی خوب جانتا ہے اس کے باطن اور ظاہر کو ہم آئے ہیں سفارشی ہو کر سوا سے بخش دے۔''

بعد دفن کے ایک آدمی سرہانے کھڑا ہو کر سورت بقرہ کا پہلا رکوع: {اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ} تک اور دوسرا آدمی پائنتی کی طرف کھڑا ہو کر سورت بقرہ کا آخری رکوع: {اٰمَنَ الرَّسُوْلُ} سے آخر تک پڑھے۔ [آثار السنن: ۱۱/۳]

قبرستان میں داخل ہونے کی دعا

''اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَآ اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ'' [ترمذی]

''سلام پہنچے تم پر اے اہلِ قبور! اللہ تعالیٰ بخشے ہمیں اور تمہیں۔ تم ہمارے پیشرو ہو۔ اور ہم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔''

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

خاندانی اختلافات کے اسباب اور ان کا حل

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے پوچھا: کیا میں تمہیں ایسا درجہ نہ بتاؤں جو نماز، روزے اور صدقے سے بھی افضل ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور بتائے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''اصلاح ذات البین'' یعنی اگر مسلمانوں کے درمیان ناچاقی، اختلاف ہوگیا ہے یا دو مسلمانوں کے درمیان جھگڑا ہوگیا ہے اور دونوں ایک دوسرے کی صورت دیکھنے کے روادار نہیں ہیں تو اب کوئی ایسا کام کرو جس کے نتیجے میں ان کے درمیان وہ جھگڑا ختم ہوجائے اور دونوں کے دل آپس میں مل جائیں اور دونوں ایک ہوجائیں۔ تمہارا یہ عمل نماز سے بھی افضل ہے، روزے سے بھی افضل ہے، صدقہ سے بھی افضل ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ انداز بیان تھا۔

صلح کرانا نفل نماز روزے سے افضل ہے

لیکن ایک بات یاد رکھیں کہ اس حدیث میں نماز روزے سے نفلی نماز روزے مراد ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اگر ایک طرف تم ساری رات نفلی نمازیں پڑھتے رہو، سارادن نفلی روزے رکھو اور بہت سا مال نفلی صدقہ کرو، تو ان میں سے ہر کام بڑی فضیلت اور ثواب کا ہے لیکن دوسری طرف دو مسلمان بھائیوں کے درمیان جھگڑا ہے، اور اس جھگڑے کی وجہ سے دونوں کے درمیان ناچاقی پیدا ہوگئی ہے، تو اس جھگڑے کو ختم کرنے کے لئے اگر تم تھوڑا سا وقت صرف کرو گے اور ان کے دل اور گلے ملوا دو گے اور ان کے درمیان محبت پیدا کرادو گے تو اس صورت میں تم نے جو ساری رات نفل نمازیں پڑھی تھیں، نفل روزے رکھے تھے اور سینکڑوں روپے نفل صدقہ کے طور پر دیئے تھے، ان سب سے زیادہ اجر وثواب تمہیں اس عمل میں حاصل ہوجائے گا۔ آپ اندازہ کریں کہ کتنی بڑی بات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمادی۔

Marfat.com

آپس کے اختلافات دین کو مونڈنے والے ہیں

ایک طرف تو یہ فرمایا کہ مسلمانوں کے درمیان آپس میں محبتیں بھائی چارہ اور اخوت قائم کرنا تمام نفلی عبادتوں سے افضل ہے، اور دوسری طرف اگلا جملہ اس کے بالکل برعکس ارشاد فرمادیا کہ: "وفساد ذات البین ھی الحالقة یعنی آپس کے جھگڑے، آپس کی نفرتیں اور ناچاقیاں یہ مونڈنے والی چیزیں ہیں۔ ایک دوسری حدیث میں اس کی تشریح کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں یہ نہیں کہتا کہ آپس کے یہ جھگڑے تمہارے بالوں کو مونڈنے والے ہیں، بلکہ یہ جھگڑے تمہارے دین کو مونڈنے والے ہیں۔ کیونکہ جب آپس میں نفرتیں ہوتی ہیں اور جھگڑے ہوتے ہیں، تو اس جھگڑے کی وجہ سے انسان نہ جانے کتنے بے شمار گناہوں کے اندر مبتلا ہو جاتا ہے، ان جھگڑوں کے نتیجے میں ایک دوسرے کی غیبت ہوتی ہے، ایک دوسرے پر بہتان لگایا جاتا ہے، ایک دوسرے کی ایذا رسانی ہوتی ہے، ایک دوسرے پر تہمتیں لگائی جاتی ہیں (میاں بیوی کے درمیان جدائی اور طلاق کی نوبت آجاتی ہے) تو یہ جھگڑے بے شمار گناہوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔

جھگڑوں کی نحوست

ان جھگڑوں کی نحوست یہ ہوتی ہے کہ انسان دین سے بیگانہ ہو جاتا ہے اور دین کا نور جاتا رہتا ہے اور دل میں ظلمت پیدا ہو جاتی ہے، اسی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جابجا یہ تاکید فرمائی کہ آپس کے جھگڑوں سے بچو۔

مصالحت کیلئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جماعت چھوڑ دینا

دیکھئے! حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پوری حیات طیبہ میں مسجد نبوی میں امامت کے فرائض انجام دیتے رہے، ظاہر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں کون نماز پڑھائے گا، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ کون نماز باجماعت کی پابندی کرے گا، لیکن پوری حیات طیبہ میں صرف ایک مرتبہ

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے وقت مسجد نبوی میں تشریف نہیں لا سکے، یہاں تک کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی، اور نماز کے وقت حاضر نہ ہونے کہ وجہ یہ ہوئی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتہ چلا کہ فلاں قبیلے میں مسلمانوں کے درمیان دو گروہوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا ہے، چنانچہ ان کے جھگڑے کو ختم کرانے کیلئے اور ان کے درمیان صلح کرانے کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس قبیلہ میں تشریف لے گئے، اس مصالحت کرانے میں دیر لگ گئی، یہاں تک نماز کا وقت آگیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے جب دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود نہیں ہیں، تو اس وقت حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے امامت فرمائی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد میں تشریف لائے۔

پوری حیات طیبہ میں صرف یہ ایک واقعہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحت کی حالت میں نماز کے وقت مسجد نبوی میں تشریف نہ لا سکے۔ اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے درمیان مصالحت کرانے اور جھگڑا ختم کرانے کیلئے تشریف لے گئے تھے۔ اس لئے قرآن وحدیث ان ارشادات سے بھرے ہوئے ہیں کہ اللہ ربّ العزت کیلئے مسلمانوں کے درمیان جھگڑوں کو کسی قیمت پر برداشت نہ کرو، جہاں کہیں جھگڑے کا کوئی سبب پیدا ہو، فوراً اس کو ختم کرانے کی کوشش کرو، اس لئے کہ یہ جھگڑے دین کو مونڈ دینے والے ہیں۔

جنت کے بیچ میں مکان دلانے کی ضمانت

ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اس شخص کیلئے جنت کے بیچوں بیچ گھر دلوانے کی ضمانت لیتا ہوں جو شخص حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے۔

یعنی وہ شخص حق پر تھا اور حق پر ہونے کی وجہ سے اگر وہ چاہتا تو اپنے اس حق کو وصول کرنے کیلئے مقدمہ دائر کر دیتا، یا کوئی اور ایسا طریقہ اختیار کر لیتا جس کے نتیجے میں اس کو اس کا حق مل جاتا، لیکن اس نے یہ سوچ کر کہ جھگڑا بڑھے گا اور جھگڑا بڑھانے سے کیا فائدہ لہٰذا اپنا حق ہی چھوڑ دیا۔ ایسے شخص کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس کو جنت کے بیچوں

Marfat.com

بیچ گھر دلوانے کا ذمہ دار ہوں۔

اتنی بڑی بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمادی، یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے۔

یہ ضمانت دوسرے اعمال پر نہیں

یہ ذمہ داری حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی دوسرے عمل پر نہیں لی لیکن حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑنے والے کیلئے یہ ذمہ داری لے رہے ہیں۔ اس کے ذریعہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ تعلیم دے رہے ہیں کہ آپس کے اختلافات ختم کردو، اللہ کے بندے بن جاؤ اور آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ، اور جھگڑے کے جو اسباب ہو سکتے ہیں، ان کو بھی ختم کرو، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے وحدت میں اخوت میں اور محبت میں ایک نور رکھا ہے، اس نور کے ذریعے انسان کی دنیا بھی روشن ہوتی ہے اور آخرت بھی روشن ہوتی ہے، اور اگر آپس میں جھگڑے ہوں فساد ہوں تو یہ ظلمت ہے، دنیا میں بھی ظلمت اور آخرت میں بھی ظلمت، جو انسان کے دین کو مونڈ کر رکھ دیتی ہے۔

آج زندگی جہنم بنی ہوئی ہے

جب ہمارے ذہنوں میں عبادت کا خیال آتا ہے تو نماز روزے کا تو خیال آتا ہے، صدقہ کا خیال آتا ہے، ذکر اور تسبیح کا خیال آتا ہے، تلاوت قرآن کریم کا خیال آتا ہے، اور الحمدللہ یہ سب بھی اونچے درجے کی عبادتیں ہیں، لیکن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں کہ ان سے بھی اونچے درجے کی چیز مسلمانوں کے درمیان آپس میں صلح کرانا ہے۔ اور آج ہمارا معاشرہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد سے اتنا دور چلا گیا ہے کہ قدم قدم پر منافرت ہے، جھگڑے اور لڑائیاں ہیں، نااتفاقیاں ہیں، اور اس کی وجہ سے زندگی جہنم بنی ہوئی ہے، حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمایا کہ یہ چیزیں دین کو مونڈنے والی ہیں، اس نے آج ہمارے دین کو مونڈ ڈالا ہے، جس کی وجہ سے اس کی شناخت، قباحت اور اس کی برائی ہمارے دلوں میں بیٹھی ہوئی نہیں ہے۔

Marfat.com

لوگوں کے درمیان اختلاف ڈالنے والے کام کرنا

اگر ہمارے معاشرے میں کوئی بے نمازی ہے یا کوئی شراب پیتا ہے یا کسی اور گناہ میں مبتلا ہے، تو اس کو تو ہمارے معاشرے میں الحمد للہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ شخص برا کام کر رہا ہے، لیکن اگر کوئی شخص ایسا کام کر رہا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کے درمیان لڑائیاں ہو رہی ہیں، جس کی وجہ سے مسلمانوں کے درمیان جھگڑے ہو رہے ہیں، تو اس کی طرف سے کسی کے دل میں یہ خیال نہیں آتا کہ یہ اتنا بڑا مجرم ہے، جتنا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو مجرم قرار دے رہے ہیں، اور اس بات کی فکر بھی کسی کے دل میں نہیں ہے کہ ان جھگڑوں کو کیسے ختم کیا جائے؟ لہٰذا یہ بہت بڑا باب ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھولا اور آپس میں صلح کرانے کو نماز روزے اور صدقے سے بھی افضل قرار دیا۔

ایسا شخص جھوٹا نہیں

یہاں تک کہ ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمادیا ہے: جو شخص ایک مسلمان بھائی کے دل میں دوسرے کی محبت پیدا کرنے کیلئے اور نفرت دور کرنے کیلئے کوئی ایسی بات کہہ دے جو بظاہر خلاف واقعہ ہو، تو وہ جھوٹ بولنے والوں میں شمار نہیں ہوگا۔

ابلیس کا صحیح جانشین کون؟

ابلیس نے اپنے چھوٹے شیاطین کی ایک فوج بنا رکھی ہے جو پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ہے اور وہ لوگوں کو صحیح راستے سے بہکانے کا کام کرتی ہے۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ یہ ابلیس بعض اوقات سمندر پر اپنا دربار منعقد کرتا ہے اور ان سے رپورٹ طلب کرتا ہے اور اس کی تمام فوج اس کو اپنی اپنی کارگزاری سناتی ہے۔ چنانچہ ایک شیطان آکر کہتا ہے کہ ایک شخص نماز پڑھنے جا رہا تھا، میں نے اس کے دل میں ایسی بات ڈالی کہ وہ نماز کے لئے نہ جا سکا اور اس کی نماز قضاء ہوگئی، میں نے اس کو نماز سے

Marfat.com

محروم کر دیا، ابلیس اس کو شاباش دیتا ہے کہ تم نے اچھا کام کیا۔ دوسرا شیطان آتا ہے اور کہتا ہے کہ ایک شخص روزہ رکھنے کا ارادہ کر رہا تھا، میں نے اس کے دل کو ایسا پلٹا کہ وہ روزے سے باز آ گیا، ابلیس اس کو شاباش دیتا ہے کہ تم نے اچھا کام کیا۔ اس کے بعد تیسرا شیطان آتا ہے اور کہتا ہے کہ فلاں شخص صدقہ خیرات کرنا چاہتا تھا، میں نے اس کے حالات ایسے پیدا کر دیے کہ وہ صدقہ کرنے سے رک گیا، ابلیس اس کو بھی شاباش دیتا ہے کہ تم نے اچھا کام کیا۔ آخر میں ایک شیطان آ کر کہتا ہے کہ دو میاں بیوی بڑی محنت سے زندگی گزار رہے تھے، میں نے جا کر ان کے درمیان ایسا مسئلہ کھڑا کر دیا کہ دونوں کے درمیان ناچاقی ہو گئی اور دونوں ایک دوسرے کی صورت دیکھنے کے روادار نہ رہے، یہاں تک کہ دونوں کے درمیان جدائی ہو گئی۔ ابلیس یہ سن کر اپنے تخت سے کھڑا ہو جاتا ہے اور اس کو گلے سے لگا لیتا ہے کہ تو میرا صحیح جانشین ہے، تو نے صحیح کام کیا اور میرے مطلب کے مطابق کام کیا۔

نفرتیں ڈالنے والا بڑا مجرم ہے

بہر حال، شیطان کا سب سے بڑا حربہ اور سب سے کامیاب ترین منصوبہ یہ ہوتا ہے کہ لوگوں کے دلوں میں نفرتیں پیدا کرے۔ لہٰذا جن لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ اچھے خاصے رہتے بستے لوگوں کے درمیان اور محبت کرنے والے دوستوں کے درمیان منافرت پیدا کر دیتے ہیں، ادھر کی بات ادھر لگا دیتے ہیں، لگاوا جوئی شروع کر دیتے ہیں، اس حدیث کی رو سے وہ بہت خطرناک جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں، نماز روزے سے روک دینا بھی شیطانی عمل ہے، لیکن یہ ایسا شیطانی عمل ہے کہ ابلیس اس سے بہت خوش ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو اس سے محفوظ رکھے آمین۔ لہٰذا اس سے بچنے کی فکر کرنے چاہئے۔

جھگڑوں سے کیسے بچیں؟

اب سوال یہ ہے کہ ان جھگڑوں سے کیسے بچیں اور آپس میں محبتیں کیسے پیدا ہوں، اور یہ آپس کے اختلافات کیسے ختم ہوں؟ اس کیلئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو بڑی باریک

Marfat.com

بینی سے ہدایات فرمائی ہیں۔ ان ہدایات میں سے ایک ایک ہدایت آپس میں محبت کو پیدا کرنے والی ہے، اور آپس کے جھگڑوں کو ختم کرنے والی ہے۔ لیکن ان ہدایات کے بیان سے پہلے ایک اصولی بات سمجھ لیں:

جھگڑے ختم کرنے کی ایک شرط

اصولی بات یہ ہے کہ آپس کے جھگڑے ختم کرنے اور آپس میں محبت پیدا کرنے اور آپس میں اتفاق اور اتحاد پیدا کرنے کی ایک خاص شرط ہے، جب تک وہ شرط نہیں پائی جائے گی، اس وقت تک جھگڑے دور نہیں ہوں گے۔ آج ہر طرف سے یہ آواز بلند ہو رہی ہے کہ مسلمانوں میں اتحاد ہونا چاہئے، جھگڑے ختم ہونے چاہئیں، اور حتی کہ جو لوگ جھگڑوں کا بیج بونے والے ہیں وہ بھی اتفاق اور اتحاد کا نعرہ لگاتے ہیں، لیکن پھر بھی اتحاد اور اتفاق قائم نہیں ہوتا، کیوں اتحاد قائم نہیں ہوتا؟ اس کے بارے میں ایک مردِ درویش کی بات سن لیجئے، جس نے اس بیماری کی دھکتی ہوئی رگ پر ہاتھ رکھ کر اس بیماری کی تشخیص کی ہے۔ اور مرض کی صحیح تشخیص ہمیشہ اللہ والے ہی کرتے ہیں، کیونکہ ہر بیماری کی صحیح تشخیص اور اس کا صحیح علاج اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے قلوب پر ہی وارد فرماتے ہیں۔

اتحاد کیلئے دو شرطیں، تواضع اور ایثار

حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ عقدہ کھولا کہ جب سب لوگ اتحاد اور اتفاق کی کوشش کر رہے ہیں، اس کے باوجود اتحاد کیوں قائم نہیں ہو رہا ہے؟ اس کے جواب میں جو حکیمانہ بات حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمائی ہے، میں دعوٰی سے کہتا ہوں کہ اگر اس بات کو ہم لوگ پلے باندھ لیں ہمارے معاشرے کے سارے جھگڑے ختم ہو جائیں۔ فرمایا کہ: اتحاد و اتفاق کا بنیادی راستہ یہ ہے کہ اپنے اندر دو چیزیں پیدا کرو، اگر یہ چیزیں پیدا ہو گئیں تو اتحاد قائم ہو جائے گا اور اگر ان میں سے ایک چیز بھی مفقود ہوئی تو کبھی اتحاد قائم نہیں ہوگا، دو چیزیں یہ ہیں: ایک تواضع، دوسرے ایثار۔

Marfat.com

''تو ضع'' کا مطلب یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ کو یوں سمجھے کہ میری کوئی حقیقت نہیں، میں تو اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں اور بندہ ہونے کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ کے احکام کا پابند ہوں، اور اپنی ذات میں میرے اندر کوئی فضیلت نہیں، میرا کوئی حق نہیں، لہٰذا اگر کوئی شخص میری حق تلفی کرتا ہے تو وہ کونسا برا کام کرتا ہے، میں تو حق تلفی کا ہی مستحق ہوں۔

اتحاد میں رکاوٹ ''تکبر''

حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اتحاد اس لئے قائم نہیں ہوتا کہ ہر آدمی کے دل میں تکبر ہے، وہ یہ سمجھتا ہے کہ میں بڑا ہوں، میرے فلاں حقوق ہیں، فلاں نے میری شان کے خلاف بات کی ہے، فلاں نے میرے درجے کے خلاف کام کیا ہے، میری حق تلفی کی ہے، میرا حق یہ تھا کہ وہ میری تعظیم کرتا، لیکن اس نے میری تعظیم نہیں کی، میں اس کے گھر گیا اس نے میری خاطر تواضع نہیں کی، اس تکبر کا نتیجہ یہ ہوا کہ جھگڑا کھڑا ہو گیا۔

تکبر کی وجہ سے اپنے آپ کو بڑا سمجھا اور بڑا سمجھنے کے نتیجے میں اپنے لئے کچھ حقوق گھڑ لئے اور یہ سوچا کہ میرے درجے کا تقاضہ تو یہ تھا کہ فلاں شخص میرے ساتھ ایسا سلوک کرتا، جب دوسرے نے ایسا سلوک نہیں کیا تو اب دل میں شکایت ہوگئی، اور اس کے نتیجے میں گرہ بیٹھ گئی اور اس کے بعد نفرت پیدا ہوگئی اور اس کے بعد اس کے ساتھ معاملات خراب کرنا شروع کر دیئے۔ لہٰذا جھگڑے کی بنیاد ''تکبر'' ہے۔

راحت والی زندگی کیلئے بہترین نسخہ

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں تمہیں لذیذ اور راحت ولی زندگی کا ایک نسخہ بتاتا ہوں، اگر تم اس نسخہ پر عمل کرلو گے تو پھر ان شاء اللہ تعالیٰ کسی کی طرف سے دل میں کوئی شکوہ شکایت اور گلہ پیدا نہیں ہوگا۔ وہ یہ کہ دل میں یہ سوچ لو کہ یہ دنیا خراب چیز ہے اور اس کی اصل وضع ہی تکلیف پہنچانے کیلئے ہے، لہٰذا اگر مجھے کسی انسان یا جانور سے تکلیف پہنچی ہے تو یہ تکلیف پہنچنا دنیا کی تخلیق فطرت کے عین مطابق ہے، اور اگر

Marfat.com

دنیا میں کسی کی طرف سے تمہیں اچھائی پہنچے تو اس پر تمہیں تعجب کرنا چاہئے اور اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے۔

اچھے توقعات وابستہ نہ کرو

لہٰذا دنیا میں کسی بھی اپنے ملنے جلنے والے سے، چاہے وہ دوست ہو، یا رشتہ دار ہو، یا قریبی عزیز ہو، کسی سے اچھائی کی توقع قائم نہ کرو کہ یہ مجھے کچھ دیدے گا، یا مجھے کچھ نفع پہنچادے گا، یا یہ میری عزت کرے گا، یا یہ میری مدد کرے گا، کسی بھی مخلوق سے کسی بھی قسم کی توقع قائم نہ کرو، اور جب کسی مخلوق سے نفع کی کوئی توقع نہیں ہوگی، پھر اگر کسی مخلوق نے کوئی فائدہ پہنچادیا اور تمہارے ساتھ اچھا سلوک کرلیا تو اس سے تمہیں خوشی ہوگی، اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو کہ یا اللہ! آپ نے اپنے فضل سے اس کے دل میں بات ڈال دی جس کے نتیجے میں اس نے میرے ساتھ اچھا سلوک کیا۔

دشمن سے شکایت نہیں ہوتی

اور اگر کسی مخلوق نے تمہارے ساتھ بدسلوکی کی، تو اس سے تکلیف نہیں ہوگی، کیونکہ پہلے ہی سے اس سے کوئی اچھی توقع نہیں تھی۔ دیکھئے! اگر کوئی دشمن تمہیں کوئی تکلیف پہنچائے تو اس سے تمہیں کوئی شکایت ہوتی ہے؟ نہیں ہوتی، کیونکہ وہ تو دشمن ہی ہے، اس کا کام ہی تکلیف پہنچانا ہے۔ اس لئے اس کے تکلیف پہنچانے سے زیادہ صدمہ اور رنجش نہیں ہوتی، شکوہ اور گلہ نہیں ہوتا، شکوہ اس وقت ہوتا ہے کہ جب کسی سے اچھائی کی توقع تھی، لیکن اس نے برائی کرلی۔ اس لئے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ساری مخلوق سے توقع مٹادو۔

صرف ایک ذات سے توقع رکھو

توقع تو صرف ایک ذات سے قائم کرنی چاہئے، اسی سے مانگو، اسی سے توقع رکھو، اسی سے امید رکھو، باقی ساری دنیا سے امیدیں قطع کردو، صرف اللہ جل جلالہ سے امیدیں وابستہ

Marfat.com

کرلو۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے: "اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَاءَكَ، وَاقْطَعْ رَجَائِیْ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ"

اے اللہ! میرے دل میں اپنی امید ڈال دیجئے اور میری امیدیں اپنے سوا ہر ایک مخلوق سے ختم کردیجئے۔ یہ دعا مانگا کرو۔

اتحاد کی پہلی بنیاد "تواضع"

اور جب انسان کے اندر تواضع ہوگی تو وہ اپنا حق دوسروں پر نہیں سمجھے گا کہ میرا کوئی حق دوسرے کے ذمے ہے، بلکہ وہ تو یہ سمجھے گا کہ میں تو اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں، میرا کوئی مقام اور کوئی درجہ نہیں، اللہ تعالیٰ جو معاملہ میرے ساتھ فرمائیں گے میں اس پر راضی ہوں جب دل میں یہ تواضع پیدا ہوگی تو دوسرے سے توقع بھی قائم نہیں ہوگی۔ جب توقع نہیں ہوگی تو پھر دوسرے سے شکوہ شکایت بھی نہیں ہوگی، اور جب شکوہ نہیں ہوگا تو جھگڑا بھی پیدا نہیں ہوگا۔ لہٰذا اتفاق اور اتحاد کی پہلی بنیاد "تواضع" ہے۔

اتحاد کی دوسری بنیاد "ایثار"

اتفاق اور اتحاد کی دوسری بنیاد "ایثار" ہے۔ یعنی مخلوق اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایثار کا رویہ اختیار کرو۔ "ایثار" کے معنی یہ ہیں کہ دل میں یہ جذبہ ہو کہ میں اپنی راحت کی قربانی دیدوں اور اپنے مسلمان بھائی کو راحت پہنچادوں۔ میں خود تکلیف اٹھالوں لیکن اپنے مسلمان بھائی کو تکلیف سے بچالوں۔ خود نقصان اٹھالوں لیکن اپنے مسلمان بھائی کو نفع پہچادوں۔ یہ ایثار کا جذبہ اپنے اندر پیدا کرلو۔

اپنا نقصان کرلینا منظور ہے، لیکن اوروں کا نقصان منظور نہیں۔ یہی وہ سبق ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمایا۔

یاد رکھئے! جس کو اللہ تعالیٰ یہ صفت عطا فرماتے ہیں، اس کو ایمان کی ایسی حلاوت

Marfat.com

عطا فرماتے ہیں کہ دنیا کی ساری حلاوتیں اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ جب انسان اپنی ذات پر تنگی برداشت کر کے دوسرے مسلمان بھائی کو خوش کرتا ہے اور اس کے چہرے پر مسکراہٹ لاتا ہے تو اس کی جو لذت ہے اس کے آگے دنیا کی ساری لذتیں ہیچ ہیں۔ یہ دنیا معلوم نہیں کتنے دن کی ہے، پتہ نہیں کب بلاوا آجائے، بیٹھے بیٹھے آدمی رخصت ہو جاتا ہے، اس لئے ایثار پیدا کرو، جب ایثار پیدا ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے دلوں میں محبتیں پیدا فرما دیتے ہیں، اور ایثار کرنے والے کو اپنی نعمتوں سے نوازتے ہیں۔

خودغرضی ختم کردو

بہر حال حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اپنے اندر سے تکبر کو نکالو اور ایثار پیدا کرلو، تمام جھگڑے ختم ہو جائیں گے، اور ''خودغرضی'' یہ ایثار کی ضد ہے، خودغرضی کا مطلب یہ ہے کہ انسان ہر وقت اپنی کائنات میں الجھا ہوا ہے کہ کس طرح مجھے پیسے زیادہ مل جائیں، کس طرح مجھے عزت زیادہ مل جائے، کس طرح مجھے شہرت مل جائے، کس طرح لوگوں کی نگاہ میں میرا درجہ بلند ہو جائے، دن رات اسی فکر میں غلطاں پیچاں ہے۔ یہ ہے ''خودغرضی'' ایثار اس کی ضد ہے۔

''تواضع'' کی ضد ہے ''تکبر'' لہٰذا اگر انسان تکبر اور خودغرضی چھوڑ دے اور تواضع اور ایثار اختیار کرلے پھر اتحاد اور محبت قائم ہو جائے گی، ان شاء اللہ تعالیٰ، لہٰذا ہر مسلمان پلّے باندھ لے۔ بہر حال ایک عمل تو یہ ہو گیا جو حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمایا۔

پسندیدگی کا معیار ایک ہو

دوسری بات جو حدیث شریف میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمائی جو درحقیقت تمام اخلاق فاضلہ کی بنیاد ہے، اگر یہ چیز ہمارے اندر پیدا ہو جائے تو سارے جھگڑے ہمارے اندر سے ختم ہو جائیں۔ وہ بات یہ ارشاد فرمائی: ان تحسب لاخیك ما تحب لنفسك،

Marfat.com

واکرہ لاخیک ماتکرہ لنفسک"

یعنی اپنے بھائی کیلئے وہی بات پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو، اور اپنے بھائی کیلئے وہی بات ناپسند کرو جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہو۔

لہٰذا جب بھی کسی کے ساتھ کوئی معاملہ پیش آئے تو خود کو اس کی جگہ پر رکھ کر سوچ لو کہ اگر میں اس کی جگہ پر ہوتا اور یہ میری جگہ پر ہوتا اور میرے ساتھ یہ معاملہ کرتا تو میں کس بات کو پسند کرتا اور کس بات کو ناپسند کرتا۔ لہٰذا جس بات کو میں پسند کرتا مجھے اس کے ساتھ بھی وہی معاملہ کرنا چاہئے، اور جو چیز میں ناپسند کرتا مجھے بھی اس کیساتھ وہ چیز نہیں کرنی چاہئے۔ بہترین پیمانہ ہے کہ اس کے ذریعہ آپ دوسروں کے ساتھ کئے گئے ہر معاملے کو جانچ سکتے ہیں۔

دوہرے پیمانے ختم کرو

ہمارے معاشرے کی بہت بڑی بیماری یہ ہے کہ ہم نے دوہرے پیمانے بنا رکھے ہیں، اپنے لئے معیار کچھ اور ہے اور دوسرے کے لئے معیار کچھ اور ہے اپنے لئے جو بات پسند کرتے ہیں وہ دوسروں کیلئے پسند نہیں کرتے۔ آپ ذرا غور کر کے دیکھیں کہ اگر ہر شخص حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس نصیحت پر عمل کرنا شروع کر دے کہ اپنے بھائی کیلئے بھی وہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے تو پھر کوئی جھگڑا باقی نہیں رہے گا۔ اس لئے کہ اس صورت میں ہر شخص ایسے عمل سے پرہیز کرے گا جو دوسروں کو تکلیف دینے والا ہوگا۔

خاندانی اختلافات کا دوسرا سبب

ایک اور حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان اختلافات اور جھگڑوں کو ختم کرنے کا ایک اور طریقہ بیان فرمایا ہے۔ وہ حدیث یہ ہے کہ:

Marfat.com

عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: المسلم اذا کان یخالط الناس و یصبر علی اذاھم خیر من المسلم الذی لا یخالط الناس ولا یصبر علی اذاھم [ترمذی، صفۃ القیامۃ، باب نمبر ۵۵، حدیث نمبر ۲۵۰۷]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان وہ ہے جو لوگوں سے الگ تھلگ ہو کر بیٹھ گیا، لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کر لی، مثلاً وہ کسی مسجد میں یا مدرسہ میں یا عبادت گاہ میں بیٹھ گیا تاکہ لوگوں سے سابقہ پیش نہ آئے، اور یہ سوچا کہ میں تنہائی میں عبادت کرتا رہوں گا۔ دوسرا مسلمان وہ ہے جس نے تنہائی اختیار نہیں کی، بلکہ لوگوں سے ملا جلا رہا، لوگوں سے تعلقات بھی ہیں، رشتہ داریاں اور دوستیاں بھی ہیں، اور ان کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا بھی ہے اور ان کے ساتھ ہر قسم کے معاملات بھی کرتا ہے، اور پھر ساتھ رہنے اور ان کے ساتھ معاملات کرنے کے نتیجے میں لوگوں سے تکلیفیں بھی پہنچتی ہیں اور وہ ان تکلیفوں پر صبر کرتا ہے۔ فرمایا کہ یہ دوسرا مسلمان جو لوگوں کے ساتھ مل کر رہتا ہے اور ان کی تکالیف پر صبر کرتا ہے، یہ مسلمان بدرجہا بہتر ہے اس مسلمان سے جو لوگوں سے الگ تھلگ رہتا ہے اور اس کے نتیجے میں اس کو تکالیف پر صبر کرنے کی ضرورت بھی پیش نہیں آتی۔

اسلام میں رہبانیت نہیں

یہ آپ حضرات کو معلوم ہی ہے کہ ہمارے دین نے عیسائی مذہب کی طرح رہبانیت کی تعلیم نہیں دی، عیسائیوں کے یہاں اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک انسان اپنے سارے دنیاوی کاروبار کو نہ چھوڑے، اور اپنے تمام تعلقات کو خیرآباد نہ کہے اور رہبانیت کی زندگی نہ گزارے، لیکن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ تعلیم دی کہ لوگوں کے ساتھ ملے جلے رہو اور پھر لوگوں سے پہنچنے والی تکلیفوں پر صبر کرو۔

Marfat.com

ساتھ رہنے سے تکلیف پہنچے گی

اگر آپ غور کریں تو یہ عجیب وغریب تعلیم ہے، کیونکہ اس حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ ملے جلے رہنے کو اور ان سے پہنچنے والی تکلیف کو ایک ساتھ ذکر فرمایا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہو رہا ہے کہ یہ دونوں کام ایک دوسرے کے لئے لازم اور ملزوم ہیں، یعنی جب تم لوگوں کے ساتھ ملو جلو گے اور ان کے ساتھ رہو گے تو ان سے تمہیں ضرور تکلیف پہنچے گی، اور جب تمہارا کسی بھی دوسرے انسان سے واسطہ پیش آئے گا تو یہ ممکن نہیں ہے کہ اس سے تمہیں کبھی بھی کوئی تکلیف نہ پہنچے، لازماً تکلیف پہنچے گی، چاہے وہ تمہارا کتنا ہی قریب عزیز ہو، اور چاہے وہ کتنا ہی قریبی دوست ہو۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ تکلیف کیوں پہنچے گی؟ اس کو بھی سمجھ لینا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ انسان کے چہرے میں:

اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب سے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا، اس وقت سے لے کر آج تک اربوں کھربوں انسانوں کو پیدا فرمایا، آگے قیامت تک پیدا ہوتے رہیں گے، اور ہر انسان کو اللہ تعالیٰ نے ایک چہرہ عطا فرمایا ہے جو بالشت بھر کا ہے، اس میں آنکھ ہے، ناک بھی ہے، منہ بھی ہے، دانت بھی ہیں اور کان بھی ہے، رخسار بھی ہیں اور ٹھوڑی بھی ہے ہر انسان کے چہرے میں یہ چیزیں موجود ہوتی ہیں۔ لیکن اتنے اربوں، کھربوں، پدموں انسانوں میں کسی دو انسانوں کا چہرہ سو فیصد ایک جیسا نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ دیکھئے کہ ہر انسان کے چہرے کی لمبائی ایک بالشت ہے، اور یہ بھی نہیں ہے کہ کسی انسان کی ناک ہو کسی کی نہ ہو، بلکہ تمام انسانوں کے چہرے میں یہ سب چیزیں بھی ہوتی ہیں۔ لیکن کسی دو انسانوں کے چہرے ایک جیسے نہیں ملیں گے، بلکہ ہر انسان کا چہرہ دوسرے سے مختلف ہوگا۔ اور یہ اختلاف صرف ان انسانوں کے چہرے میں نہیں ہیں جو اب تک پیدا ہو چکے ہیں، بلکہ جو نئے پیدا ہو رہے ہیں، ان کے اندر بھی یہ اختلاف موجود ہے۔ ایسا نہیں۔ ہے کہ اب جو نیا انسان پیدا ہوگا وہ کسی سابقہ انسان کی کاپی اور نقل ہوگا، ایسا نہیں ہے، بلکہ نیا پیدا ہو

Marfat.com

نے والا انسان اپنا چہرہ خود لے کر آئے گا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کو دوسرے انسان سے ممتاز کر دیا کہ چہرے کے نقوش دیکھ پتہ چل جاتا ہے کہ یہ فلاں انسان ہے اور یہ فلاں انسان ہے۔

رنگوں کے اختلاف میں قدرت کا نظارہ

اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ ہے کہ مختلف نسلوں کے انسانوں کے نقوش میں ایک چیز "مابہ الاشتراك" ہے اور ایک 'مابہ الامتیاز' ہے۔ یعنی ایک چیز ایسی ہے جو سب میں مشترک ہے، مثلاً افریقی نسل کے جو انسان ہوں گے، وہ دور سے دیکھ کر پہچان لئے جائیں گے کہ یہ افریقی نسل کا ہے۔ یورپ والا الگ پہچان لیا جائے گا کہ یہ یورپ کا ہے، باوجودیکہ ان کے درمیان بھی آپس میں فرق ہے، کوئی دو فرد ایک جیسے نہیں ہیں۔ لہٰذا "مابہ الاشتراك" بھی موجود اور "مابہ الامتیاز" بھی موجود۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت کا نظارہ ہے، انسان کہاں اس قدرت کا احاطہ کر سکتا ہے۔

انگلیوں کے پوروں میں اللہ تعالیٰ کی قدرت

اور چیزوں کو چھوڑیئے! انگلیوں کے پوروں کو لے لیں، ہر انسان کے ہاتھ کی انگلیوں کے پورے دوسرے انسان کے پوروں سے مختلف ہیں، چنانچہ کاغذات پر بے شمار ضروریات کے لئے دستخط لینے کے ساتھ ساتھ انگھوٹا بھی لگوایا جاتا ہے، اس لئے کہ انگوٹھے کے پورے میں جو چھوٹی چھوٹی لکیریں ہیں، وہ کسی ایک انسان کی لکیریں دوسرے انسان کی لکیروں سے نہیں ملتیں، ہر ایک کی لکیریں علیحدہ ہیں۔ اگر ویسے دو انسانوں کے انگوٹھے ملا کر دیکھیں تو یہ نظر آئے گا کہ کوئی فرق نہیں ہے، لیکن یہ بات عالمی طور پر مسلم اور طے شدہ ہے کہ دو انسانوں کے انگوٹھوں کی لکیریں ایک جیسی نہیں ہیں، لہٰذا جب کسی انسان نے کسی کاغذ پر انگوٹھا لگا دیا تو یہ متعین ہو گیا کہ یہ فلاں انسان کے انگوٹھے کے نشان ہیں، کیونکہ دوسرے انسان کے انگوٹھے کے نشان اس سے مختلف ہوں گے۔

Marfat.com

انگوٹھے کی لکیروں کے ماہرین کا دعویٰ

اب تو ایسے ماہرین بھی پیدا ہو گئے ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ ہمارے سامنے کسی انسان کے انگوٹھے کے نشان رکھ دیئے جائیں، ہم اس کے نشانات کو بڑا کر کے دیکھیں گے، اور اس کے ذریعے ہم اس انسان کے سر سے لے کر پاؤں تک سارے خدوخال کا نقشہ کھینچ سکتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ لکیریں یہ بتادیتی ہیں کہ اس انسان کی آنکھ کیسی ہوگی، اس کی ناک کیسی ہو گی، اس کے دانت کیسے ہوں گے، اور ہاتھ پاؤں کیسے ہوں گے؟

ہم انگوٹھے کے پورے کو دوبارہ بنانے پر قادر ہیں

میں نے اپنے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ سے سنا کہ قرآن کریم کی سورۃ ''قیامہ'' میں ایک آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے کافروں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ:

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝۳ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝۴ [القیامۃ: 3،4]

کیا یہ (کافر) انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع نہیں کر سکیں گے۔ یہ کافر جو آخرت کے منکر ہیں، وہ یہ کہا کرتے تھے کہ جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے اور ہماری ہڈیاں تک گل جائیں گی، پھر کس طرح سے ہمیں دوبارہ زندہ کیا جا سکے گا؟ اور کون زندہ کرے گا؟

اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ انسان یہ گمان کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں دوبارہ جمع نہیں کر سکیں گے؟ کیوں نہیں! ہم تو اس پر قادر ہیں کہ اس کی انگلیوں کے پوروں کو بھی ویسا ہی دوبارہ بنادیں، اس کائنات کا بڑے سے بڑا سائنٹسٹ بھی یہ نہیں کر سکتا کہ ویسا ہی انگوٹھا بنادے، لیکن ہم اس پر قادر ہیں۔

Marfat.com

آیت سن کر مسلمان ہونا

اللہ تعالیٰ یہ بھی کہہ سکتے تھے کہ ہم اس پر قادر ہیں کہ اس کا چہرہ دوبارہ بنادیں، اس کے ہاتھ دوبارہ بنادیں، اس کے پاؤں دوبارہ بنادیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر پوروں کا ذکر فرمایا کہ پورے کو دوبارہ بنانے پر قادر ہیں۔ (حضرت مولانا مفتی شفیع رحمۃ اللہ علیہ) فرمایا کرتے تھے کہ ایک نومسلم سائنٹسٹ اس آیت کو پڑھ کر مسلمان ہوگیا، اور اس نے یہ کہا کہ یہ بات سوائے خالق کائنات کے دوسرا نہیں کہہ سکتا کہ ہم اس پورے کو دوبارہ بنا سکتے ہیں، یہ بات صرف وہی کہہ سکتا ہے جس نے اس کائنات کو بنایا ہو، جس نے انسان کو پیدا کیا ہو، جس نے انسان کے ایک ایک عضو کو بنایا ہو۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ

بہر حال! کوئی انسان اپنی ظاہری شکل وصورت میں دوسرے انسان جیسا نہیں ہے، بلکہ اگر دو انسان ایک جیسے ہوجائیں تو اس پر تعجب ہوتا ہے، کہ دیکھو یہ دو انسان ہم شکل ہیں، الگ الگ ہونے پر کوئی تعجب نہیں ہوتا، اس لئے کہ ہر انسان دوسرے سے الگ ہے۔ حالانکہ تعجب کی بات تو یہ ہے کہ الگ الگ کیسے ہیں، اگر سارے انسان ایک دوسرے کے ہم شکل ہوتے تو تعجب کی بات نہ ہوتی، لیکن اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کو دیکھئے کہ اس نے اربوں کھربوں انسان پیدا فرمادیئے، مگر ہر ایک کی صورت دوسرے سے مختلف ہے، مرد کی صورت الگ ہے، عورت کی صورت الگ ہے، ہر ایک صنف میں ایک دوسرے سے امتیاز بھی موجود ہے، ایک دوسرے سے اشتراک بھی موجود ہے۔

دو انسانوں کے مزاج میں اختلاف

لہٰذا جب دو انسانوں کے چہرے ایک جیسے نہیں ہوسکتے، تو پھر دو انسانوں کی طبیعتیں کیسے ایک جیسی ہوسکتی ہیں، جب ظاہر ایک جیسا نہیں تو پھر ان کی طبیعتوں میں بھی فرق ہوگا،

Marfat.com

کسی کی طبیعت کیسی ہے، کسی کی کیسی ہے۔ کسی کا مزاج کیسا ہے، کسی کا مزاج کیسا ہے، کسی کی پسند کچھ ہے، کسی کی کچھ ہے، ہر انسان کی پسند مختلف، ہر انسان کا مزاج مختلف، ہر انسان کی طبیعت مختلف۔ لہٰذا طبیعتوں کے مختلف ہونے کی وجہ سے کبھی یہ نہیں ہوسکتا کہ دو آدمی ایک ساتھ زندگی گزار رہے ہوں اور ایک ساتھ رہتے ہوں، اور کبھی بھی ان میں سے ایک کو دوسرے سے تکلیف نہ پہنچے، ایسا ہونا ممکن ہی نہیں۔ طبیعت مختلف ہونے کی وجہ سے ایک کو دوسرے سے ضرور تکلیف پہنچے گی، کبھی جسمانی تکلیف پہنچے گی، کبھی روحانی تکلیف پہنچے گی، کبھی نفسیاتی تکلیف پہنچے گی، کبھی دوسرے کی طرف سے خلاف طبع بات ہوگی جو دوسرے کو بری لگے گی۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مزاج مختلف تھے

دیکھئے! اس کائنات میں انبیاء علیہم السلام کے بعد حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے زیادہ افضل مخلوق اس زمین و آسمان کی نگاہوں نے نہیں دیکھی۔ انبیاء علیہم السلام کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے زیادہ افضل، ان سے زیادہ متقی، ان سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے، ان سے زیادہ ایثار کرنے والے، ان سے زیادہ ایک دوسرے پر جان نثار کرنے والی کوئی مخلوق پیدا نہیں ہوئی اور نہ آئندہ پیدا ہوگی۔ لیکن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طبیعتیں بھی مختلف تھیں، ان کے آپس کے مزاج میں بھی فرق تھا۔

ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان نااتفاقی

روئے زمین پر کوئی بیوی اپنے شوہر کیلئے اتنی وفادار اور اتنا خیال رکھنے والی نہیں ہوسکتی، جتنی کہ امہات المومنین نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خیال رکھنے والی تھیں، لیکن ان کو بھی طبیعت کے خلاف باتیں پیش آجاتی تھیں، اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی بعض اوقات طبیعت کے خلاف

Marfat.com

ہونے کی وجہ سے ان سے کچھ گرانی اور ناراضگی ہو جاتی تھی، چنانچہ ایک مرتبہ اس گرانی کی وجہ سے ایک مہینہ ایسا گزرا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس میں قسم کھالی تھی کہ میں ایک ماہ تک اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے پاس نہیں جاؤں گا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ناراضگی

اور پھر یہ نہیں کہ ازواج مطہرات کی طرف سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گرانی ہوتی تھی بلکہ بعض اوقات ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے گرانی ہو جاتی تھی، چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ اے عائشہ! مجھے پتہ چل جاتا ہے جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو، اور جب تم مجھ سے ناراض ہوتی ہو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا کہ کیسے؟ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو تو قسم کھاتے وقت یہ کہتی ہو "وَرَبِّ مُحَمَّدٍ" یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پروردگار کی قسم'' اور جب مجھ سے ناراض ہوتی ہو تو قسم کھاتے وقت یہ کہتی ہو "وَرَبِّ ابراھیم" ابراہیم علیہ السلام کے پروردگا کی قسم'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: "لا اھجر الا اسمك" یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے موقع پر میں صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام ہی چھوڑتی ہوں لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت دل سے جدا نہیں ہوتی۔

اب دیکھئے! سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ شفیق و مہربان کوئی اور ہو سکتا ہے؟ خاص طور پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا جو عالم تھا وہ کوئی مخفی چیز نہیں، لیکن اس کے باوجود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بھی بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ گرانی پیدا ہو جاتی تھی، اور اس گرانی اور ناراضگی کا احساس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی ہو جاتا تھا۔

میاں بیوی کے تعلق کی حیثیت سے ناراضگی

البتہ یہ نہ سمجھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تو تکلیف پہنچانا معاذ اللہ کفر ہے، اگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف پہنچی تو یہ کتنی بری بات ہوئی۔

Marfat.com

بات دراصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حیثیتیں الگ الگ رکھی ہیں، لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جو گرانی ہوتی تھی وہ ایک شوہر ہونے کی حیثیت سے ہوتی تھی، جس طرح بیوی کو شوہر پر ناز ہوتا ہے، ایسے ہی شوہر کو بھی بیوی پر ناز ہوتا ہے، اس ناز کے عالم میں اس قسم کی ناراضگی بھی ہوجایا کرتی تھی۔ اس کا منصب رسالت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مزاجوں میں اختلاف

بہرحال! حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے درمیان بھی خلاف طبع امور پیدا ہوجاتے تھے۔ اور آگے بڑھیے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جن کو "شیخین" کہا جاتا ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے بعد ان دونوں بزرگوں سے زیادہ افضل انسان اس روئے زمین پر پیدا نہیں ہوئے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ان دونوں کے تعلق کا عالم یہ تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ ان دونوں کے نام ہمیشہ ایک ساتھ آیا کرتے تھے۔ "جَاءَ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ذھب ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما خرج ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما" جہاں نام آرہا ہے دونوں کا ایک ساتھ آرہا ہے۔ اس طرح یک جان دو قالب تھے، ہر وقت ان دونوں کا نام سامنے ہوتا۔ جہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورہ کرنے کی ضرورت پیش آتی، فرماتے ذرا ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو بلاؤ کبھی دونوں میں جدائی کا تصور نہیں ہوتا تھا۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی عزت کرنے کا یہ عالم تھا کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ میری زندگی کی ساری عبادتیں مجھ سے لے لیجئے اور سارے اعمال مجھ سے لے لیں اور وہ ایک رات جو آپ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غارِ ثور میں گزاری ہے وہ مجھے دید یجئے۔ دونوں کے درمیان عظمت اور محبت کا یہ عالم تھا، لیکن دونوں کی طبیعتوں میں اختلاف تھا جس کی وجہ بعض اوقات

Marfat.com

ان کے درمیان اختلاف بھی ہو جاتا تھا۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان اختلاف کا ایک واقعہ

چنانچہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ ان دونوں کے درمیان بات چیت ہو رہی تھی، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کوئی بات کہ دی جس کی وجہ سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ناراض ہو کر چلدیئے، اب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ان کو منانے کیلئے اور سمجھانے کیلئے ان کے پیچھے پیچھے چلتے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں داخل ہو گئے اور دروازہ بند کر لیا۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جب یہ دیکھا کہ یہ تو بہت زیادہ ناراض ہو گئے ہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے چہرے کو دیکھ کر سمجھ گئے یا بذریعہ وحی اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دیدی، چنانچہ ابھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس کی طرف آرہے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے جو مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے، خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ جو تمہارے دوست آرہے ہیں، یہ آج کسی سے جھگڑا کر کے آرہے ہیں، چنانچہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مجلس میں آکر بیٹھ گئے۔

دوسری طرف جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جنہوں نے گھر میں داخل ہو کر دروازہ بند کر لیا تھا، جب تنہائی میں پہنچے تو ان کو بڑی شرمندگی اور ندامت ہوئی کہ میں نے یہ بہت برا کیا کہ اول تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ناراضگی کا اظہار کیا، پھر جب وہ میرے پیچھے آئے تو میں نے گھر میں داخل ہو کر دروازہ بند کر لیا، چنانچہ گھر سے باہر نکلے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پیچھے چل پڑے کہ جا کر ان کو مناؤں، جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں پہنچے تو دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی تشریف فرما ہیں اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بھی بیٹھے ہیں۔ مجلس میں آکر اپنی ندامت اور شرمندگی کا اظہار شروع کر دیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھ سے غلطی ہوگئی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ سے غلطی

Marfat.com

ہوئی تھی، ان سے زیادہ غلطی نہیں ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو معاف کر دیجئے، اصل میں غلطی میری تھی۔ اس وقت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے خطاب کرتے ہوئے عجیب وغریب جملہ ارشاد فرمایا، فرمایا کہ: کیا میرے ساتھی کو میرے لئے چھوڑو گے یا نہیں؟ یہ وہ شخص ہے کہ جب میں نے یہ کہا تھا کہ: یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا" اے لوگو! میں تم سب کیلئے اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں۔ اس وقت تم سب نے کہا تھا کہ "کَذَبْتَ" صرف اس نے کہا تھا "صَدَقْتَ" یہ تنہا شخص تھا جس نے کہا تھا کہ تم سچ کہتے ہو۔

بہرحال! صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جیسے انسان جن کا ذکر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں ایک ساتھ آتا تھا، ان کی طبیعتوں میں اور مزاجوں میں بھی اختلاف تھا جس کے نتیجے میں ان کے درمیان بھی اس قسم کے واقعات پیش آئے۔

مزاجوں کا اختلاف حق ہے

اس سے معلوم ہوا کہ کوئی دو انسان ایسے نہیں ہیں جن کی طبیعتیں ایک جیسی ہوں، جیسا تم چاہتے ہو دوسرا بھی ویسا ہی ہو، یہ نہیں ہوسکتا۔

کوئی باپ یہ چاہے کہ میرا بیٹا سو فیصد میری مرضی کے مطابق ہوجائے نہیں ہوسکتا، کوئی بیٹا یہ چاہے کہ میرا باپ سو فیصد میری مرضی کے مطابق ہوجائے، نہیں ہوسکتا، کوئی شوہر یہ چاہے کہ میری بیوی سو فیصد میری مرضی کے مطابق ہوجائے نہیں ہوسکتی، کوئی بیوی یہ چاہے کہ میرا شوہر سو فیصد میری مرضی کے مطابق ہوجائے، نہیں ہوسکتا۔

صبر نہیں کرو گے تو لڑائیاں ہونگی

لہٰذا جب آدمیوں کے ساتھ رہنا ہوگا تو پھر تکلیفیں بھی پہنچیں گی، آدمیوں کے ساتھ رہنا اور ان سے تکلیفیں پہنچنا یہ دونوں لازم اور ملزوم ہیں، ان دونوں کو ایک دوسرے سے جدا کیا ہی نہیں جاسکتا۔ لہٰذا جب آدمیوں کے ساتھ رہنا ہے تو یہ سوچ کر رہنا ہوگا کہ ان سے

Marfat.com

مجھے تکلیف بھی پہنچے گی اور اس تکلیف پر مجھے صبر بھی کرنا ہوگا، اگر صبر کرو گے تو لڑائیاں، جھگڑے، فتنے اور فساد ہوں گے، اور یہ چیزیں وہ ہیں جو دین کو مونڈ دینے والے ہیں۔

لہٰذا جس کسی سے کوئی تعلق ہو، چاہے وہ تعلق رشتہ داری کا ہو، چاہے وہ تعلق دوستی کا ہو، چاہے وہ زوجیت کا تعلق ہو، لیکن یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ان تعلقات میں تکلیفیں بھی پہنچیں گی، اور ان تکلیفوں پر مجھے صبر کرنا ہوگا، اور ان تکلیفوں کو مستقل ناچاقی کا ذریعہ نہیں بناؤں گا۔ ٹھیک ہے ساتھ رہنے کے نتیجے میں تلخی بھی تھوڑی بہت ہو جاتی ہے، لیکن اس تلخی کو مستقل ناچاقی اور منافرت کا ذریعہ بنانا ٹھیک نہیں۔

تکالیف سے بچنے کا طریقہ

اب سوال یہ ہے کہ جب دوسروں کے ساتھ رہنے کی وجہ سے تکلیف پہنچ رہی ہے تو اس تکلیف پر اپنے آپ کو کیسے تسلّی دیں؟ اس تکلیف سے اپنے آپ کو کیسے بچائیں؟ اور طبیعت کے خلاف ہونے کے باوجود آپس میں کیسے محبتیں پیدا کریں؟ اس کا نسخہ بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بتلا دیا، کوئی بات آپ تشنہ چھوڑ کر نہیں گئے۔ چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے میاں بیوی کے تعلق کے بارے میں بیان فرمایا، کیونکہ سب سے زیادہ خلافِ طبع امور میاں بیوی کے تعلقات میں ہی پیش آتے ہیں، اس لئے کہ جتنا قرب زیادہ ہوگا، اتنا ہی طبیعت کے خلاف باتیں پیش آنے کا بھی امکان ہوگا، اور میاں بیوی کے درمیان جتنا قرب ہوتا ہے وہ کسی اور رشتے میں نہیں ہوتا۔ چونکہ اس تعلق میں دوسرے تعلق کے مقابلے میں تکلیف پہنچنے کے امکانات زیادہ ہیں، اس لئے اس کے بارے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک نسخہ کیمیا بیان فرما دیا، وہ یہ کہ: ''لایفرك مؤمن مؤمنة ان سخط منها خلقًا رضی منها آخر'' [صحیح مسلم، کتاب الرضاع، باب الوصیة بالنساء]

یعنی کوئی مؤمن مرد کسی مؤمنہ عورت سے بغض نہ رکھے، مطلب یہ ہے کہ کوئی شوہر اپنی بیوی سے مستقل بغض نہ رکھے۔ کیونکہ اگر وہ اپنی بیوی کی کسی بات کو ناپسند کرے گا تو دوسری

Marfat.com

کسی بات کو پسند بھی کرے گا۔ یعنی جب بیوی سے طبیعت کے خلاف کوئی معاملہ پیش آتا ہے تو تم ناراض ہوتے ہو اور بُرا مناتے ہو، اور اسی بات کو لئے بیٹھے رہتے ہو کہ یہ ایسی ہے، یہ یوں کرتی ہے، یوں کرتی ہے، اس میں یہ خرابی ہے، یہ خرابی ہے۔ اللہ تعالیٰ کیلئے دیکھو کہ اس کے اندر کچھ اچھائیاں بھی تو ہوں گی، لہٰذا جب بیوی سے کوئی بات سامنے آئے جو تمہیں بری لگ رہی ہے تو اس وقت اس کی اس بات کو تصور کرو جو تمہیں پسندیدہ ہے۔ جب اچھائی کا تصور کرو گے تو اس برائی کے احساس میں کمی آئے گی۔

صرف اچھائیوں کی طرف دیکھو

یاد رکھئے! دنیا میں کوئی انسان سراپا سیاہ سراپا سفید نہیں ہوتا، کوئی سراپا خیر یا سراپا شر نہیں ہوتا، اگر کوئی برا ہے تو اس میں کچھ نہ کچھ بھلائی بھی ضرور ہوگی، اگر بھلا ہے تو اس میں کچھ برائی بھی ضرور ہوگی۔ اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنی بیوی کی اچھائی کی طرف دھیان کرو، اس کے نتیجے میں تمہیں نظر آئے گا کہ یہ بات اگرچہ اس کے اندر تکلیف دہ ہے، لیکن دوسری باتیں میری بیوی کے اندر قابل قدر اور قابل تعریف ہیں۔ یہ سوچنے سے صبر آجائے گا۔ [ماخذ اصلاحی خطبات شیخ الاسلام مفتی تقی عثمانی دامت برکاتھم العالیہ]

Marfat.com

مصنف کی دیگر تصنیفات

مختصر

ذكر الفرق بين الاحرف الخمسة

وهي

الظاء والضاد، والذال، والصاد، والسين

تأليف

ابی محمد عبد الله بن محمد بن السيد البطليوسی

اختصره ونشره

حضرت مولانا عزیز الرحمن حقانی وزیرستانی

مدرس روح المدارس ظفر آباد ڈیرہ اسماعیل خان

اَلْحَدِيْقَةُ السَّنِيَّةُ

فی

حجیت احادیث النبویۃ

مع

اقسام وتعریفات الاحادیث

مع

افادات شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب دامت برکاتہ

مرتب

حضرت مولانا عزیز الرحمن حقانی وزیرستانی

مدرس روح المدارس ظفر آباد ڈیرہ اسماعیل خان

مفصل ومدلل

عقائد اہل السنۃ والجماعۃ

مؤلف

حضرت مولانا عزیز الرحمن حقانی وزیرستانی

مدرس روح المدارس ظفر آباد ڈیرہ اسماعیل خان

مقدمہ

مناظر اسلام، حضرت مولانا سجاد الحجابی دامت برکاتھم العالیہ

آخرت کا
انسائیکلوپیڈیا

علامات صغریٰ سے لیکر جتنے احوال
قرآن اور حدیث مبارکہ سے ثابت
ہیں ان پر ایک جامع اور مفصل کتاب

مؤلف

حضرت مولانا عزیز الرحمن حقانی وزیرستانی

مدرس روح المدارس روحانیہ ظفر آباد ڈیرہ اسماعیل خان

Marfat.com